اُردو انگلش گرامر

Urdu English Grammar

مصنف

محمد حنیف محمد شہاب الدین

M.A.,B.Ed.

کتاب کا نام	اردوانگلش گرامر Urdu English Grammer
مصنف	(مرحوم) محمد حنیف محمد شہاب الدین (ایم۔اے۔بی۔ایڈ)
مرتب	محمد یوسف محمد حنیف۔محمد آصف محمد حنیف۔محمد عبدالرؤف محمد حنیف
سن اشاعت	۲۰۲۵ء
قیمت	-/110 روپئے
کمپیوٹر کمپوزنگ	ایشین کمپیوٹرس (محمد ساجد کاتب) 9850162460 جونا بازار، اورنگ آباد
تعداد	۵۰۰۰
پروف ریڈنگ وترتیب	وجاہت بسیر شیخ (ایم ای کمپیوٹر) • ثناء فردوس (بی ای کمپیوٹر)
ملنے کا پتہ	● محمد آصف محمد حنیف 9975137969, 9225665529 (نظامیہ کالونی، نزد مبارک مسجد، روشن گیٹ، اورنگ آباد) ● شالیمار بک ہاؤس، سٹی چوک، اورنگ آباد ● شالیمار کتاب گھر، روشن گیٹ، اورنگ آباد

لیگل ایڈویزر

ایڈوکیٹ قاضی محمد جاوید محمد شریف الدین

Editorial Board / Acknowledgments

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

از: ڈاکٹر محمد صدر الحسن ندوی مدنی

زبان احساسات، افکار اور ماضی الضمیر کی ادائیگی کا ایک ذریعہ ہے۔ اگر ہمارے ذہن ودماغ میں مختلف قسم کے احساسات وجذبات ہوں اور ان کے اظہار کے لئے ہمارے پاس الفاظ نہ ہوں تو ہمارے وہ احساسات لوگوں تک نہیں پہنچ سکتے اور نہ ہم بغیر اظہار کے ملک وملت اور قوم کی کوئی خدمت کر سکتے ہیں۔ گویا زبان سے ناواقف شخص زندہ تو ہے لیکن وہ لاشئہ بے جان کی مانند ہے۔ اسی مقصد کی تکمیل کے لئے زبان وجود میں آئی۔ دنیا میں ہزاروں زبانیں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ آپ کو سن کر تعجب ہوگا کہ امریکہ کے صرف ایک شہر نیو یارک (New York) میں آٹھ سو زبانیں بولی جاتی ہیں۔ زبان جذبات کے اظہار کا ایک معتبر ذریعہ ہے اور دنیا کی تمام قومیں زبان کے ذریعہ ہی ایک دوسرے سے رابطہ کرتی ہیں۔ اگر زبان نہ ہوتی تو دنیا کے کسی ملک کا کسی ملک سے اور کسی فرد کا کسی فرد سے کوئی رابطہ نہ ہوتا۔

دنیا میں مختلف زبانیں بولی اور لکھی جاتی ہیں۔ کچھ زبانیں ایسی ہیں جو بولی جاتی لیکن لکھی نہیں جاتی۔ دنیا کی مشہور زبانوں میں عربی، انگریزی، فرنچ، جرمن، فارسی، اردو، پنجابی، سندھی اور دیگر زبانوں کا شمار ہوتا ہے۔ اس وقت دنیا میں بائیس ممالک کی سرکاری زبان عربی ہے اور روز بہ روز عربی زبان کا دائرہ بڑھتا جارہا ہے اور وہ بین الاقوامی زبان کی حیثیت حاصل کرنے کے قریب ہے۔

انگریزی زبان ایک بین الاقوامی زبان کی حیثیت حاصل کر چکی ہے اور ٹیکنالوجی کے اس جدید عہد میں اس کی افادیت اس قدر عام ہو چکی ہے کہ جو شخص اس زبان سے واقف نہ ہو اسے گونگا تصور کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس زبان کا سیکھنا اس نئے دور میں ترقی کے حصول کی راہ میں ایک اہم ذریعہ ہے۔

انگریزی قواعد (Grammer) پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور لکھی جاتی رہیں گی لیکن ان طلبہ کے جن کی مادری زبان اردو ہے اور خاص طور پر وہ طلبہ جو دینی مدارس میں زیر تعلیم ہیں ان کے لئے انگریزی گرامر (قواعد) کا مسئلہ بڑا پیچیدہ نظر آتا ہے۔ طلبہ انگریزی گرامر کا نام سنتے ہی پریشان ہو جاتے ہیں اور بعض دفعہ راہ فرار اختیار کرتے ہیں لیکن راہ فرار اختیار کرنا مسئلہ کا حل نہیں ہے۔ بلکہ مسئلہ کا حل یہ ہے کہ آسان زبان میں تحریر کردہ انگریزی گرامر کی کتابوں سے ہم استفادہ کریں اور آہستہ آہستہ انگریزی قواعد سیکھیں۔ دنیا میں کوئی چیز مشکل نہیں ہے۔ ضرورت ہوتی ہے صرف عزم، محنت اور یک سوئی کی۔

زیر نظر کتاب خاص طور پر ان طلبہ کے لئے لکھی گئی ہے جن کی مادری زبان اردو ہے بلکہ خاص طور پر ان طلبہ کے لئے جو دینی مدارس میں تحصیل علم میں مصروف ہیں۔ ان طلبہ کے ذہن افق ان کی سوچ اور ان کی علمی سطح کا لحاظ رکھے ہوتے۔ کتاب برسوں کے تجربہ کے بعد لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کا نام ہے ''اردو انگلش گرامر'' اس کے مصنف کا نام ہے قاضی محمد حنیف الدین ولد قاضی محمد شہاب الدین انگریزی کے ماہر استاذ تھے اور لمبے عرصہ تک انہوں نے انگریزی پڑھائی ہے، ان کے پڑھانے کا انداز ایسا تھا کہ طلبہ کو اسی وقت سبق یاد ہو جاتا تھا اور ان کو اس زبان سے انسیت ہو جاتی تھی۔ وہ ایم اے بی ایڈ تھے۔ اب ان کے فرزندان محمد یوسف، محمد آصف اور محمد عبدالرؤف نے مرحوم کے مسودہ کی روشنی میں اس کتاب کو مرتب کیا ہے اور اب کمپیوٹر اور پروف ریڈنگ کے مرحلہ میں گذر کر یہ کتاب طباعت کے لئے تیار ہے۔

ان شاء اللہ یہ کتاب اردو داں طبقہ اور اردو داں طلبہ دونوں کے لئے مفید ہوگی۔ اللہ اس کتاب کو نفع عام کا ذریعہ بنائے اور طلبہ اس کتاب کے ذریعہ انشاء اللہ اپنے ماضی

الضمیر کی ادائیگی پر قدرت حاصل کرنے کے لئے قابل ہو سکیں گے اور انگریزی قواعد سے انہیں جو الرجی ہے وہ دور ہو سکے گی۔

میں اس کتاب کی اشاعت اور اس کی تدوین جدید پر ان کے تمام فرزندان اور خاص طور محبِ گراں جناب قاضی محمد آصف کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ اس کتاب کو مرحوم محمد حنیف محمد شہاب الدین کے لئے صدقہ جاریہ بنائے اور عوام اور طلبہ کو اس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔

ڈاکٹر محمد صدر الحسن ندوی مدنی

(امیر شریعت امارت شرعیہ مہاراشٹر)

جامع مسجد ردفتر رابطۂ ادب اسلامی اورنگ آباد، مہاراشٹر

تاریخ ۱۰ ردسمبر ۲۰۲۵ء، بروز بدھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

از: قاضی محمد آصف محمد حنیف

اس وقت آپ کے سامنے جو کتاب ہے وہ میرے والد گرامی محمد حنیف محمد شہاب الدین کی مرتب کردہ کتاب ہے جس کا نام اردو انگلش گرامر ہے۔ میرے والد مرحوم ایک اچھے استاذ ایک اچھے مُربّی اور ایک اچھے گائڈ تھے۔ کئی طلبہ کی انہوں نے تعلیم کے سلسلہ میں رہنمائی کی اور وہ اچھے نشانات سے کامیاب ہوکر کالجوں اور یونیورسٹیوں تک پہنچے۔ اور اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے حصول کی راہ ہیں ان کے لئے آسان ہوئیں۔ آج بھی ان میں جو باحیات ہیں میرے والد گرامی کا تذکرہ کرتے ہوئے نہیں تھکتے۔ والد صاحب میں ایک ایسا جذبہ موج زن تھا جو ان کو ہر وقت اور ہمہ تن محو حرکت رکھتا تھا اور والد صاحب بھی طلباء کے لئے اپنی خداداد صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرتے تھے۔ میرے والد محترم نے مولانا ریاض الدین فاروقی ندوی صاحب اور حسینی قدوس احمد صاحب کے اصرار پر جامعہ اسلامیہ کاشف العلوم اورنگ آباد میں جب کچھ دنوں تدریس انگریزی کے فرائض انجام دیئے اور جامعہ کے طلبہ ان سے مستفید ہوئے۔

تدریس کے دوران والد صاحب مرحوم نے یہ محسوس کیا کہ عام طور پر وہ طلبہ جن کی مادری زبان اردو ہے۔ انگریزی کا نام سنتے ہی خوف و ہراس کے شکار ہوجاتے ہیں اور وہ یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ اس زبان کا حصول ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ طلبہ کے ان ہی احساسات نے والد مرحوم کو اس کتاب کی تالیف پر مجبور کیا۔ والد محترم چوں کہ طلبہ کی نفسیات سے اچھی طرف واقف تھے اس لئے انہوں نے نہایت آسان زبان اور آسان

طریقہ سے یہ کتاب مرتب کی۔ اس کتاب میں انگلش کے گرامر (قواعد) کو اس قدر سہل اور آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے کہ انتہائی کمزور طالب علم بھی اس کتاب کے توسط سے انگریزی قواعد نہایت آسانی کے ساتھ سیکھ سکتا ہے۔

والد گراں کا یہ مسودہ ایک طویل عرصہ سے میرے پاس تھا اور میں نے اسے اس لئے محفوظ رکھا کہ اس کتاب کی طباعت کے ذریعہ اس کی افادیت کو عام کروں اور یہ کتاب طلبہ کے لئے گائڈ بک (Guide Book) کا کام دے۔ کچھ ملازمت کی مصروفیت اور کچھ تساہلی کی وجہ سے اس میں تاخیر ہوئی جس کا مجھے شدّت سے احساس ہے۔ میں نے جناب ساجد صاحب پروپرائٹر ایشین کمپیوٹرس کے ذمہ یہ مسودہ سپرد کیا اور انہوں نے کمپیوٹر کے ذریعے اس کتاب کو طباعت کے قابل بنایا۔ میں ان کا اور ان کے فرزندان کا دل کی گہرائیوں سے شکر گذار ہوں۔ اسی طرح محب گرامی مولانا ڈاکٹر محمد صدر الحسن صاحب ندوی مدنی (امیر شریعت امارت شرعیہ مہاراشٹر) کا مشکور ہو ں کہ انہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیت کے باوجود اس کتاب پر بیش قیمت مقدمہ تحریر فرمایا اور اس کتاب کی افادیت کے سلسلہ میں اپنی گراں قدر رائے کا اظہار بھی فرمایا۔

اللہ کا شکر ہے کہ اب یہ کتاب زیور طبع سے آراستہ ہو رہی ہے اور جس مقصد کے لئے یہ کتاب والد صاحب نے مرتب کی تھی اس میں انشاء اللہ کامیاب ہوگی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کی افادیت کو عام فرمائے اور اس کتاب کو والد مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔ اور ہمارے خاندان بھائی بہنوں اور تمام مسلمانوں میں اتفاق اور اتحاد عطا فرمائے۔ اس کتاب کی طباعت میں جن لوگوں نے ہمارا تعاون کیا اللہ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

محمد آصف محمد حنیف

۵؍جنوری ۲۰۲۶ء

اورنگ آباد (مہاراشٹر)

CONTENTS

فہرست مضامین

قواعد کی ضرورت

اپنے خیالات کو ظاہر کرنے ہمیں زبان کا سہارا لینا پڑتا ہے۔صرف زبان کا جاننا ضروری نہیں ہے۔اس کا صحیح استعمال جاننا بھی ضروری ہے۔صحیح بولنا' پڑھنا' اور لکھنا' سیکھنے کے لئے زبان کے اصول اور طریقے بتائے گئے ہیں۔انہیں قواعد کہتے ہیں۔زبان کی صحیح معلومات کیلئے قواعد کے اصولوں سے واقفیت ضروری ہے۔

ہم جو کچھ بولتے ہیں وہ سادہ آوازیں ہیں۔اُن سے لفظ بنتے ہیں،لفظوں سے جملہ بنتا ہے۔انہیں ٹینسوں کا بیان قواعد کہلاتا ہے۔

آوازیں جن علامتوں کے ذریعہ لکھی جاتی ہیں انہیں حروف کہتے ہیں۔حروف کے مجموعہ کو حروف تہجی (Alphabets) کہتے ہیں۔

انگریزی (letters) حروف (26) ہیں،ان Letters کو Alphabet حروف تہجی کہتے ہیں۔یہ سادھا آوازیں ہیں،یہ انگریزی میں چار طرح سے لکھی جاتی ہیں۔

(۱) دو بڑی طرح (۲) دو چھوٹی طرح مثلاً

(۱) بڑی لکھی جانے والی انگریزی اے،بی،سی،ڈی ترتیب وار:۔

A B C D E F G H I J
K L M N O P Q R S T
U V W X Y Z

(۲) بڑی لکھی جانے والی انگریزی اے۔بی۔سی۔ڈی

A B C D E F G H I J
K L M N O P Q R S T
U V W X Y Z

(۱) چھوٹی لکھی جانے والی انگریزی اے،بی،سی،ڈی۔

a b c d e f g h i j
k l m n o p q r s t
u v w x y z

(۲) چھوٹی لکھی جانے والی انگریزی اے۔بی۔سی۔ڈی

a b c d e f g h i j
k l m n o p q r s t
u v w x y z

حروف کا نام	حرف	حرف	حرف	حرف	آواز
اے	a	A	*a*	A	اَ
بی	b	B	*b*	B	بَ
سی	c	C	*c*	C	سَ ۔ کَ
ڈی	d	D	*d*	D	ڈ
ای	e	E	*e*	E	یَ
ایف	F	F	*F*	F	ف
جی	g	G	*g*	G	ج۔گ
ایچ	h	H	*h*	H	ھَ
آئے	i	I	*i*	I	اِی۔آئے
جے	j	J	*j*	J	ج
کے	k	K	*k*	K	ک
ایل	l	L	*l*	L	لَ
ایم	m	M	*m*	M	مَ

نَ	N	*n*	N	n	این
وَ	O	*o*	O	o	او
پَ	P	*p*	P	p	پی
ق	Q	*q*	Q	q	کیو
رَ	R	*r*	R	r	آر
سَ	S	*s*	S	s	ایس
ٹَ۔ت	T	*t*	T	t	ٹی
یَ	U	*u*	U	u	یُو
وَھ۔و	V	*v*	V	v	وھی
وَ	W	*w*	W	w	ڈبلیو
کَ سی	X	*x*	X	x	ایکس
یَ۔ای	Y	*y*	Y	y	وائے
ز۔ض۔ز۔ذ۔ظ	Z	*z*	Z	z	زِڈ

Writing of Small a, b, c, d.

x a c e i m n o r s u v w	بیچ کے دولائن میں (13)
t b d h k l	اوپر کے تین لائن میں (6)
g j q y z	نیچے کی تین لائن میں (5)
f p	چارلائن میں (2)

Their are five vowel.

a,e,i,o,u.

All vowels are voiced. That is vocal cords vibrate when vowel sound are produced we cant write even a single words without using a vowel.s:

Some Special Sounds

Words لفظ	ں
Aid, day, game, pay, date, cake	اے a
Bar, far, harm, mark, farm, path	آ a
Law, paw, raw, hall, ball, fall	و aw
Bed, bell, leg, pen, hen, bend, den	ای e
Deep, peep, she, wheel, green	اِی ee
Bit, sit, pit, hill, kill, win, tip	ای i
Blew, flew, drew, blue, screw	ایو ew
Good, food, book, cook, hook, look	او oo
Bare, dare, hare, care, fare, rare	ایر are
Boil, soil, toil, oil, hoist, moist	آئے oi
Bound, count, pound, found, sound	اَو ou
Fire, tire, hire, wire	آئر ire
Cure, sure, pure	یو u
Cab, cake, call, cap, coat, cold	ک k
Cell, Race, face, conceal	س c
Social, ocean, precious, sufficient	ش c
Chair, chin, charm, check, chalk,cheap, teach, match, bitch, catch	چ ch
Duck, buck, rock, mock, lock, clock	ک ck
Get, finger, anger, gain, gale, gold, go,give, good, gun, dig, guess, guard, guarantee,	گ g

giant, germany, gymnastic	ج g
Ghost, ghat, ghee	غ۔گھ gh
Cough, enough, rough, laugh	ف gh
Bright, ought, caught, straight, through, though, right, fight	ساکن gh
Hour, honour, heir, honesty	ساکن h
Calf, walk, half, talk, calm, should, could, would, almond	ساکن l
Know, knock, knee, knot, knife, knowledge	ساکن k
Seat, salt, sage, state, send, silk,	س s
Sure, sugar, share, shake, shame	ش s
Leisure, passion, omission, invision, tension	ژ s
Nature, feature, virtue, creature	چ tu
Tank, time, take, table, tax, talent, tent	ٹ t
The, thus, then, thence, this, these, those, them, leather, feather, there, that	ذ th
Thank, thief, thick, thin, three, throat, thread	تھ th
Partial, election, attention, devotion, vacation, nation, motion, lotion, martial, preparation	ش ti
Write, wrote, written	ساکن w
Weak, week, well, were	وٗ w
What, whale, wheel, white, whip, why, who, whom, whose	وَھ wh

LESSON NO. 1

Sentence جملے

الفاظ کا ایسا مجموعہ جس کا مطلب سمجھ میں آتا ہے۔اس کو جملہ کہتے ہیں۔

1) Asra sleeps.
2) We go to school.
3) Ahmed killed a tiger.

جملے کے حصے: جملے کے دو حصے ہوتے ہیں۔

فاعل	Ahmed	goes	مبتدا
	1	2	
	Subject	Predicate	

Subject : The doer of any work is called a subject.

کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔احمد فاعل ہے

Predicate : What is said about the subject, is called a predicate.

Parts of Speech اجزائے کلام

ہم جو کچھ بولتے ہیں۔اس کے آٹھ حصے ہو سکتے ہیں۔ان کو کلام کے اجزاء یا اجزاء کلام کہتے ہیں۔وہ یہ ہیں۔

Pronoun	ضمیر(2		Noun	اسم(1
Verb	فعل(4		Adjective	صفت(3
Preposition	حرف ربط(6		Adverb	صلہ فعل(5

Interjection	8) حرف ندا		Conjunction	7) حرف عطف

1) اسم **Noun:** کسی شخص، جگہ، چیز یا جانور کے نام کو اسم کہتے ہیں۔
مثلاً احمد، سیما، سیتا، ناندیڑ، اورنگ آباد، قلم، کاپی، بلی، کتا، گائے وغیرہ

2) ضمیر **Pronoun:** ضمیر وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔
مثلاً احمد آیا، وہ میرا بھائی ہے، احمد کیلئے وہ استعمال کیا گیا وہ ضمیر ہے

میں	I	ہم	we
تو	thou	تم	you
وہ	he, she, it	وے	they

3) صفت **Adjective:** صفت وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی اچھائی یا برائی بیان کرتا ہے۔ مثلاً۔(1 اچھا لڑکا 2) کالا تختہ 3) نیلا آسمان 4) موٹا آدمی

4) فعل **Verb:** فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً:

1) Ahmed <u>runs</u>. 2) We <u>play</u> foot-ball
فعل (کام) فعل (کام)

5) صلہ فعل **Adverb:** صلہ فعل وہ کلمہ ہے جو کسی صفت، فعل یا صلہ فعل کی تعریف کرتا ہے۔ مثلاً:

1) Ahmed runs <u>slowly</u>
Adverb

2) The horse runs very <u>slowly.</u>
Adverb

3) Seema is a very <u>fat</u> girl.
Adverb

6) حرف ربط **Preposition:** دو اسموں میں رشتہ ظاہر کرتا ہے۔ یہ عام طور پر اسم اور صفت کے پہلے آتے ہیں۔ مثلاً

1) <u>On</u> the black table. 2) <u>In</u> the room.

7) حرف عطف **Conjunction:** یہ دو اسموں یا دو جملوں کو جوڑتے ہیں۔
مثلاً

1) Ahmed & Mohan are friends.
2) Seeta came & Rama went away.
and, nor, or for, so

8) حرف ندا **Interjection:** یہ دلی خوشی یا رنج کے جذبات ظاہر کرتے ہیں مثلاً:
Alas! Oh! Ah! Hurrah!

ا۔ اسم Noun

Noun: کسی شخص، جگہ، چیز یا جانور کے نام کو اسم کہتے ہیں۔
مثلاً احمد، ذکیہ، اورنگ آباد، ناندیڑ، قلم کاپی، کتا، بلی، گائے وغیرہ

اسم کی قسمیں: اسم کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

1) اسم خاص **Proper Noun:** کسی خاص شخص یا جگہ کے نام کو اسم خاص کہتے ہیں۔
مثلاً: گوپال، احمد، تاج محل، گوداوری، ہمالیہ وغیرہ

2) اسم عام **Common Noun:** ایک ہی قسم کی تمام چیزوں کو دئے ہوئے نام کو اسم عام کہتے ہیں۔ مثلاً شہر، گاؤں، کتاب، گھر، دروازہ وغیرہ

3) اسم جمع **Collective Noun:** آدمیوں کے، جانوروں کے، پرندوں کے، چیزوں کے مجموعہ کی واحد سمجھ کر دئے ہوئے نام کو اسم جمع کہتے ہیں۔ مثلاً
Bunch, Team, Class, herd, jury, committee, nation, family, army, mob, parliament, meeting,flock etc.

4) اسم کیفیت **Abstract Noun** (Quality, action or state):
قسم، حرکت، حالت کے ناموں کو Abstract Noun کہتے ہیں۔ مثلاً
Sweetness, weakness, pity, pain, hope, doubt, greed,

childhood, honesty, sleep, death,
hatred, wisdom, youth, slavery etc.

5)اسم آلہ **Material Noun**: دھاتیں یا ایسے مادے جن سے چیزیں بنائی جاتی ہیں ان کو Material Noun کہتے ہیں۔ مثلاً

Gold, rice, milk, water, cloth, stone, cotton, grass, iron, silver, brass etc.

Number تعداد

تعداد دو ہیں۔

1) واحد	Singular	One. ایک
2) جمع	Plural	ایک سے زیادہ

واحد سے جمع بنانے کے قاعدے

1)عام طور سے واحد پر 'S' لگا کر جمع بناتے ہیں۔ مثلاً

Boy-Boys	Desk-Desks	Pen-Pens
Girl-Girls	Horse-Horses	Chair-Chairs
Hen-Hens	Cow-Cows	Dog-Dogs

2) جن اسموں کے آخر میں s, sh, ch, x, or z ہوتا ہے اس کی جمع 'es' لگا کر بناتے ہیں۔

Brush-Brushes	Bus-Buses	Box-Boxes
Glass-Glasses	Branch-Branches	Tax-Taxes
Kiss-Kisses	Watch-Watches	Wish-Wishes

3) جن اسموں کے آخر میں O ہوتا ہے ان کی جمع 'es' لگا کر بناتے ہیں۔

Negro-Negroes	Hero-Heroes	Mango-Mangoes
Echo-Echoes	Buffalo-Buffaloes	Cargo-Cargoes

مستثنیٰ: مندرجہ ذیل اسم اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں۔

Plano-Planos	Canto-Cantos
Quarto-Quartos	Bamboo-Bamboos

Dynamo-Dynamos	Memento-Mementos

4) جن اسموں کے آخر میں y ہوتا ہے اور اس کے پہلے Consonant ہوتا ہے۔ اس کی جمع 'y' کو 'i' میں بدل کر 'es' لگا کر بناتے ہیں۔

Baby-Babies	Factory-Factories	Pony-Ponies
City-Cities	Army-Armies	Story-Stories
Lady-Ladies	Fly-Flies	

مستثنیٰ: مندرجہ ذیل اسم قاعدے سے مستثنیٰ ہیں۔

Boy-Boys Key-Keys Way-Ways Toy-Toys
Donkey-Donkeys Monkey - Monkeys

5) جن اسموں کے آخر میں e یا f ہوتے ہیں۔ ان کی جمع e یا f کو 'v' سے بدلکر 'es' لگا کر بناتے ہیں۔

Thief-Thieves	Wife-Wives	Wolf-Wolves
Life-Lives	Calf-Calves	Loaf-Loaves
Leaf-Leaves	Knife-Knives	Shelf-Shelves

مستثنیٰ: مندرجہ ذیل اسم اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں۔

Chief, Gulf, Safe, Hoof, Strife, Roof, Dwarf, Proof etc.

6) کچھ اسموں کی جمع اندرونی Vowel بدل کر بنائی جاتی ہے۔ جیسے

Man-Men	Mouse-Mice	Louse-Lice
Goose-Geese	Foot-Feet	Footman-Footmen
Woman-Women	Tooth-Teeth	

7) کچھ اسموں پر 'en' لگا کر جمع بنائی جاتی ہے۔ مثلاً

Child-Children	Ox-Oxen	Brother-Brotheren

8) کچھ اسموں کی واحد اور جمع ایک جیسی ہوتی ہے۔ مثلاً

Deer-Deer   Swine-Swine   Pair-Pair
Dozen-Dozen   Cod-Cod   Score-Score
Sheep-Sheep   Thousand-Thousand   Gross-Gross
Salmon-Salmon   Hundred-Hundred   Trout-Trout

9) چند اسموں کی جمع دو طرح کی ہوتی ہے لیکن معنی جدا جدا ہوتے ہیں۔ مثلاً

1) Brother-Brothers حقیقی بھائی
Brothern دین کے بھائی
2) Die - Dies بنانے کا سانچہ
Dice کھیلنے کے پانسے
3) Cloth-Cloths کپڑے
Clothes پوشاک
4)Shot-Shot گولیاں
Shots گولیوں کے
5) Fish - Fish کل مچھلیاں
Fishes الگ الگ مچھلیاں

10) کچھ اسم صرف جمع کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔
مثلاً

1) Scissors	2) Tongs	3) Princes	4) Breeches
5) Spectacles	6) Trousers	7) Drawers	8) Bellows
9) Shears	10) Wages		

11) مندرجہ ذیل اسم صرف واحد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً

1) News 2) Physics 3) Politics 4) Innings
5) Mathematics

12) مندرجہ ذیل اسموں کی جمع درج ذیل طریقوں سے بناتے ہیں۔ مثلا

Son-in-law	Sons-in-law	Man of war	Men of war
Daughter-in-law	Daughters in law	Step son	Step Sons
Looker-on	Lookers-on	Maid-Servant	Maid Servants
Passer - by	Passers-by	Man servant	Men Servants

13) اسم جمع کی واحد اور جمع الگ بھی ہوتی ہے۔ مثلاً

Class-Classes   Regiment-Regiments
Committee-Committees
1) There are seven classes in the school,
2) There are many regiments in the country.
3) There are four committees in the society.

Gender جنس

قسمیں: جنس کی چار قسمیں ہیں۔

1) مذکر (Masculine): آدمیوں کے نام مثلاً آدمی، گھوڑا، شیر وغیرہ
2) مونث (Feminine): مادہ کے نام مثلاً عورت، گھوڑی، شیرنی وغیرہ
3) جنس مشترک (Common Gender): نر اور مادہ دونوں کیلئے استعمال ہونی والی جنس مثلاً:

Friend, Cousin, Pupil, Person, Parent, Baby, Child, Servant, Thief, Relation, Enemy, Student, Neighbour, Birds etc.

4) جنس بے جان Neuter Gender بے جان اسموں کی جنس Neuter Gender ہوتی ہے۔ مثلاً

Desk, Chair, Ball, Knife, Book, Table, Bag, Delhi, Insect, Pen, Box, Door, Window, Kindness

مذکر سے مونث بنانے کے قاعدے :

1) بالکل مختلف الفاظ استعمال کر کے مونث بنائے جاتے ہیں۔ مثلاً

Bachelor	-	maid	Horse	-	Mare
Boy	-	Girl	Uncle	-	Aunt
Brother	-	Sister	King	-	Queen
Bull or ox	-	Cow	Wizard	-	Witch
Cock	-	Hen	Stag	-	hind
Dog	-	Bitch	Monk	-	Nun
Drake	-	Duck	Adam	-	Eve
Father	-	Mother	Sir	-	Madam
Gentleman	-	Lady	Nephew	-	Niece
Drone	-	Bee	Son	-	Daughter
Colt	-	Filly	Lord	-	Lady etc.

(2)‘ess’ اور ‘ine’ اور ‘trix’ اور ‘a’ لگا کر مونث بناتے ہیں۔ مثلاً

Author	-	Authoress	Jew	-	Jewess
Poet	-	Poetess	Host	-	Hostess
Priest	-	Priestess	Giant	-	Giantess
Heir	-	Heiress	Patron	-	Patroness
Count	-	Countess	Actor	-	Actress
Lion	-	Lioness	Hunter	-	Huntress
Benefactor	-	Benefactress	Tiger	-	Tigress
Negro	-	Negress	Master	-	Mistress
Duke	-	Duchess	Murderer	-	Murderess
Waiter	-	Waitress	Traitor	-	Traitress

Emperor	-	Empress	Conductor	-	Conductress
Prince	-	Princess	Shepherd	-	Shepherdess
Lion	-	Lioness	Inspector	-	Inspectress

(3)‘ine’ یا ‘a’ یا ‘trix’ لگا کر مثلاً

Hero	- Heroine	czar	- czarina
Executor	- executrix	Sultan	- Sultana

(4) آگے یا پیچھے لفظ کا اضافہ کر کے مثلاً

Washerwoman	-	Washerman	She-goat	-	He-goat
Man-Servant		Maid Servant	Pea-cock		Pea-hen
Great uncle		Great aunt	He bear		She bear
Land Lord		Land lady	Bull-Calf		Cow-calf
Grand-Father		Grand Mother	Turkey-cock-		Turkey-hen
Milk-man		Milk-Maid	Cock-Sparrow		Hen-Sparrow

حالتیں Case

حالتیں تین ہیں

(ا) حالت فاعلی Nominative Case: فاعل کی حالت کو حالت فاعلی کہتے ہیں۔

<u>Ahmed</u> (S) <u>Killed</u> (V) a <u>tiger</u> (O).

احمد کی حالت فاعلی ہے۔ اور وہ Killed اس فعل کا فاعل ہے۔

(2) حالت مفعولی Objective Case : مفعول کی حالت کو حالت مفعولی کہتے ہیں۔

Tiger شیر مفعول ہے۔ killed فعل کا۔

(3) حالت اضافی : جب کسی اسم کا دوسرے اسم سے تعلق دکھایا جاتا ہے تو اس کی حالت کو Possessive Case حالت اضافی کہتے ہیں۔ مثلاً

(1) Safdar's Book.

(2) The Book of Safdar.

نوٹ : (۱) جانداروں کا تعلق دو طرح سے دکھایا جاتا ہے۔

(1) Apostrophe(’) (۲) اور Preposition of کے ذریعہ

Ans: (1) Safdar's Cap or The Cap of Safdar.

(2) Shiba's book or The book of Shiba.

(2) بے جان چیزوں کا تعلق صرف (Preposition) of سے ہی دکھایا جاتا ہے۔ مثلاً:

(1) The leg of the table.

The table's leg.(wrong)

Parsing of a Noun تحویل صرفی

Noun (اسم) کی Parsing کرنے کیلئے

(1) Kind (2) Gender (3) Number

(4) Case (5) Person (6) Relation

بتانا پڑتا ہے۔

(1) Ali Killed a tiger.

Ali :- Proper Noun, Masculine gender, Singular Number, Third Person, Nominative Case, Subject of the verb 'killed'.

A Tiger :- Common noun, Masculine gender, Singular Number, Third person, objective case, object of the verb"killed".

(2) The boys ate mangoes.

Boys :- Common noun, Masculine gender, Plural number, third person, Nominative case, subject of the verb 'ate'.

Mangoes :- Common Noun, Neuter gender, Plural number, Third Person, Objective case, object of the verb 'ate'.

۲۔ضمیر Pronoun

(1) ضمیر: ضمیر وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

احمد آیا۔ وہ میرا دوست ہے۔

وہ احمد کیلئے استعمال میں آیا ہے۔ وہ ضمیر ہے۔

(2) قسمیں: ضمیر کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

(i) ضمیر شخصی **Personal Pronoun**: تینوں Persons کیلئے ضمیر شخصی استعمال کی جاتی ہے۔ مثلاً:

ہم	We	میں	I	۱۔متکلم:
تم	You	تو	Thou	۲۔حاضر یا مخاطب:
وے	They	وہ	He, She, It	۳۔غائب

شخصی ضمیریں حالتوں کے لحاظ سے ذیل کی شکلیں بدلتی ہیں۔

حالت فاعلی Nominative Case	حالت مفعولی Objective Case	حالت اضافی Possessive Case
I - we	me - us	my or mine, our or ours
than - you he she - they It	thee - you him her - them It	they or thine, your or yours his her - their or Its theirs

(ii) Emphasizing Pronouns:

یہ ضمیریں اسم یا ضمیروں پر زور دینے کے لئے استعمال کیجاتی ہیں۔مثلاً:

(1) I my self saw him to do it
(2) You yourself can best explain it.
(3) He himself said so.
(4) She herself did so.
(5) The town itself is not very large.
(6) They themselves admitted their guilt.

I	-	my self	he	-	himself
we	-	Ourselves	She	-	herself
you	-	yourself	It	-	Itself
They	-	Themselves	One	-	oneselves

(3) Reflexive Pronouns : جب کوئی کام کرنے والا اور کام کا اثر خود قبول کرنے والا ہو Reflexive Pronoun استعمال کئے جاتے ہیں۔کیونکہ فاعل پر کام لوٹ آتا ہے۔مثلاً:

(1) The Prisoner hanged himself.
(2) I hurt myself.

(3) We hurt ourselves.
(4) You will hurt yourselves.
(5) They hurt themselves.
(6) She hurt himself.
(7) He hurt himself.
(9) You will hurt yourself.

(4) ضمیر اشارہ Demonstrative Pronouns:

ضمیر اشارہ Demonstrative Pronouns کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

اشارہ قریب کیلئے <u>This or These</u>

اشارہ بعید کیلئے <u>That or Those</u> استعمال کرتے ہیں۔

(1) This is my book. (2) These are my books.
(3) That is a cat. (4) Those are dogs.

(5) ضمیر استفہامیہ Interrogative Pronouns: ضمیر استفہامیہ سوال پوچھنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

وہ (1) Who (2) Which (3) What

(1) Who broke the glass?
(2) What is the news?
(3) Which is your book?

(6) ضمیر موصولہ Relative Pronouns : ضمیر موصولہ کسی اسم یا ضمیر کیلئے استعمال میں آتے ہیں وہ who, Which, that۔ ان کا مطلب جو جو، جسکا، جہاں ہو، ھے۔ یہ جس اسم یا ضمیر کیلئے استعمال میں آتے ہیں ان کو qualify کرتے ہیں۔ان سے Adjective Clause بنتا ہے۔اگر وہ Restrictive sense میں استعمال ہوتے ہوں۔اگر وہ Continuative Sense میں استعمال ہوئے ہوں تو ان سے Co-ordinate Clause بنتا ہے۔

(1) Who, (2) Whose, (3) Whom

تین صورتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(1) Who : آدمیوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

The man who is honest is trusted.

(1) The man is honest S.Adj.C.

(2) Which : بے جان چیزوں یا جانوروں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) I bought the book which was on the table.

(3) That : آدمیوں اور چیزوں دونوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) This is the house that Jack built.

(2) Compound Relative Pronouns are formed by adding ever,so, so ever to who, which and what as whoever, whosoever, which ever which soever, what ever, what soever who so.

Adjective صفت (3)

صفت : کسی اسم کی اچھائی یا برائی بیان کرنے والے الفاظ کو صفت کہتے ہیں۔ یہ اسم کے پہلے آتے ہیں۔ مثلاً

(1) A red cap. (2) A tall tree (3) A black board.

قسمیں: صفت کی قسمیں درج ذیل ہیں۔

(۱) صفت ذاتی Adjective of Quality:

صفت ذاتی کسی اسم یا چیز کی ذاتی خصوصیت بتاتی ہے۔ یہ of what kind? اس سوال کا جواب دیتی ہے۔ مثلاً

(1) Moona is a good girl. (of what kind? good)

(2) Lazy students fail? (of what kind of students fail?)

(3) This is a tall tree.

(4) A fat girl.

(2) صفت مقداری Adjective of quantity:

صفت مقداری سے کسی چیز کی مقدار معلوم ہوتی ہے یہ How Much? اس سوال کا جواب دیتی ہے۔ مثلاً

(1) I ate some rice. (How much? some)

(2) You have no sence.

(3) He has much money.

(4) Shakespeare wrote many plays.

(5) There is a liltle hope of success.

(6) He has lost all his wealth.

(7) We have sufficient rain this year.

(3) صفت تعدادی Adjective of Number:

صفت تعدادی سے آدمیوں یا چیزوں کی تعداد How many? معلوم ہوتی ہے۔ وہ ظاہر کرتی ہے۔ مثلاً:

(1) Definite Number ; as,
One, two, three or First, Second,Third etc.

(2) Indefinite Number; as
All, No, Many, some, several, few etc

(3) Distributive Number; as,
Each, every, either, Neither etc.

(4) صفت اشارہ Demonstrative Adjective:

صفت اشارہ کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کرنے استعمال ہوتی ہے۔

وہ This or These, That or Those ہیں۔ ان کے ساتھ اسم ہوتا ہے۔ ضمیر اشارہ اور صفت اشارہ میں یہی فرق ہے۔ مثلاً

(1) This is a boy. ضمیر اشارہ

(2) This boy is my friend. صفت اشارہ

(3) That man is industrious.

(4) Those rascals must be punished.

(5) صفت استفہامیہ InterrogativeAdjectives:

صفت استفہامیہ سوال پوچھنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ اسم ہوتے ہیں۔ ضمیر استفہامیہ اور صفت استفہامیہ میں یہی فرق ہے۔ وہ

Who (Whose,Whom) Which, What

(1) Which Pen do you like?

(2) What time is it?

(3) Whose book is this?

(6) صفت اضافی Possessive Adjectives:

صفت اضافی سے چیز کس کی ہے معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) This is my book.	(2) That is your book.
(3) That is his Coat.	(4) This is her pen.
(5) Those are their books.	(6) This is our book.

I -	My or Mine	We - Our
He -	His	You - Your
She -	Her	They - Their
It -	Its	

صفت کے درجے

Comparison of Degrees

صفت ذاتی کے تین درجے ہیں۔ مثلاً

(1) Positive Degree :

Positive Degree میں صرف صفت ذاتی بیان کی جاتی ہے۔ اس میں مقابلہ نہیں ہوتا۔ کسی چیز کی صرف اچھائی یا برائی بیان کی جاتی ہے۔ مثلاً

(1) Sikandar is a good boy.

(2) Bushra is a fat girl.

(3) He is a dull boy.

(2) Comparative Degree :

Comparative Degree میں دو اسموں یا چیزوں میں مقابلہ کیا جاتا ہے۔ اسکے ساتھ Than استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) Lubna is taller than Bushra.

(2) Ahmed is stronger than Habeeb.

(3) Raisa is more beautiful than Surayya.

(3) Superlative Degree :

Superlative Degree میں تین یا تین سے زیادہ اسموں یا چیزوں میں مقابلہ کیا جاتا ہے۔ اور کسی ایک کو سب سے اچھا یا برا بتایا جاتا ہے۔ اسکے ساتھ The استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) Zakir is the strongest boy in the class.

(2) Mumbai is the best harbour of India.

(3) Aurangzeb was the greatest King of India.

طریقے: (1) Positive سے Comparative اور Superlative بنانے کیلئے Positive پر 'er' اور 'est' کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً

Positive	Comparative	Superlative
Tall	Taller	Tallest
Short	Shorter	Shortest
Great	Greater	Greatest
Bold	Bolder	Boldest

Young	Younger	Youngest
Sweet	Sweeter	Sweetest
Clever	Cleverer	Cleverest
Kind	Kinder	Kindest
Poor	Poorer	Poorest
Strong	Stronger	Strongest

(2) اگر Positive کے آخر میں 'e' ہو تو صرف 'r' اور 'st' کا اضافہ کر کے Comparative اور Superlative بناتے ہیں۔

P	C	S
Noble	Nobler	Noblest
Brave	Braver	Bravest
Fine	Finer	Finest
White	Whiter	Whitest
Large	Larger	Largest
Able	Abler	Ablest
Wise	Wiser	Wisest

(3) اگر Positive کے آخر میں 'y' ہو اور اس کے پہلے Consonant ہو تو y کو 'i' سے بدل کر 'er' اور 'est' لگا کر Comparative اور Superlative بناتے ہیں مثلاً

P	C	S
Heavy	Heavier	Heaviest
Pretty	Prettier	Prettiest
Happy	Happier	Happiest
Merry	Merrier	Merriest
Dry	Drier	Driest

Easy	Easier	Easiest
Wealthy	Wealthier	Wealthiest
Mighty	Mightier	Mightiest

(4) اگر Positive کے آخر میں Consonant ہو اور اس کے پہلے Vowel ہو تو 'er' اور est لگانے کے پہلے Consonant کو ڈبل Double کر دیتے ہیں۔ مثلاً

P	C	S
Fat	Fatter	Fattest
Big	Bigger	Biggest
Sad	Sadder	Saddest
Red	Redder	Reddest
Hot	Hotter	Hottest
Thin	Thinner	Thinnest

(5) اگر Adjective کے دو یا دو سے زائد ٹکڑے (Syllables) ہوں تو Positive پر more اور most لگا کر Comparative اور Superlative بناتے ہیں۔ مثلاً

P	C	S
Tired	more tired	most tired
Awful	more awful	most awful
Thoughtful	more thoughtful	most thoughtful
Beautiful	more beautiful	most beautiful
Interesting	more interesting	most interesting
Splendid	more splendid	most splendid

Difficult	more difficult	most difficult
Industrious	more industrious	most industrious
Courageous	more courageous	most courageous
Useful	more useful	most useful
Proper	more propermost proper	
Learned	more learned	most learned

(6) مندرجہ ذیل Adjective کے Comparative اور Superlative بے قاعدہ طور پر بنائے جاتے ہیں مثلاً

P	C	S
Good	better	best
well		
up	upper	up most
Bad		
Evil	worse	worst
Much	more	most
Many	more	most
Old	Older	Oldest
	Elder	Eldest
Late	Later	Latest
	Latter	Last
Nigh	Nigher	nighest or next
Fore	Former	Foremost or first
Little	less	least
In	Inner	Inner most
Out	outer	outmost

(7) مندرجہ ذیل Latin صفتیں Comparative اور Superlative نہیں رکھتے ہیں۔ مثلاً

Interior, Exterior, Ulterior, Major, Minor

(8) مندرجہ ذیل Latin صفتیں حرف Comparative رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ to ہوتا ہے۔ مثلاً

Inferior to, Superior to, Prior to, Senior to,
Junior to, Anterior to, Pasterior to

(1) Ahmed is senior to Habib.

(2) Seema is inferior to Raheema.

ترجمہ کرو

(۱) احمد ہوشیار لڑکا ہے۔

(1) Ahmed is a clever boy.

(۲) احمد سراج سے ہوشیار ہے۔

(2) Ahmed is cleverer than Siraj.

(۳) احمد جماعت میں سب سے ہوشیار لڑکا ہے۔

(3) Ahmed is the cleverest boy in the class.

(۴) ممبئی ہندوستان کی بہترین بندرگاہ ہے۔

(4) Mumbai is the best harbour of India.

(۵) ممبئی دوسری کسی بندرگاہ سے اچھی بندرگاہ ہے۔

(5) Mumbai is the better harbour than any other harbour of India.

(۶) بھارت کی کوئی بھی بندرگاہ اتنی اچھی نہیں جتنی کہ ممبئی ہے۔

(6) No other harbour of India is so good as Mumbai.

(۷) بابر ہندستان کے بڑے بادشاہوں میں سے ایک تھا۔

(7) Babar was one of the greatest kings of India.

(۸) ہندوستان کے بہت سے بادشاہوں میں بابر بڑا تھا۔

(8) Babar was greater than most other kings of India.

(۹) ہندستان کے چندہی بادشاہ اتنے بڑے تھے جتنا کہ بابر۔

(9) Very few kings of India were so great as Babar.

Verb فعل (4)

فعل: فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

1) Ahmed runs. (۱) احمد دوڑتا ہے۔)

2) She is reading a book. (۲) وہ کتاب پڑھ رہی ہے۔)

3) He killed a tiger. (۳) اس نے شیر مار ڈالا۔)

قسمیں: فعل کی دو قسمیں ہیں۔ مثلاً

(1) Intransitive Verbs (۱) فعل لازم

(2) Transitive Verbs (۲) فعل متعدی

I) فعل لازم (Intransitive verbs) کو مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ مثلاً

(1) Zafar Sleeps. (۱) ظفر سوتا ہے۔

(2) Seema went away. (۲) سیما چلی گئی۔

(3) The dog barks. (۳) کتّا بھونکتا ہے۔

(4) The fish swims. (۴) مچھلی تیرتی ہے۔

(Sleeps, went, barks, swims)

یہ سب Intransitive verbs ہیں۔ ان کو مفعول کی ضرورت نہیں ہے۔

II) فعل متعدی (Transitive verbs) کو مفعول کی ضرورت ہوتی ہے۔ فعل پر What? کا سوال کرنے پر مفعول معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) Asma reads a book. (object)
what?

(2) Ahmed drinks water. (object)
what?

(3) Shadab opened the door. (object)
what?

Voice

فعل کی ایسی صورت جس سے فاعل خود کام کرتا ہے یا اس سے کام کرایا جاتا ہے معلوم ہو۔ اسکو Voice کہتے ہیں۔

Voice کی دو قسمیں ہیں۔

(1) Active Voice ۱۔ (معروف)

(2) Passive Voice ۲۔ (مجہول)

(I) Active Voice (معروف): جس جملہ میں فاعل خود کوئی کام کرتا ہے اس جملہ کی Voice معروف یعنی Active ہوتی ہے۔ مثلاً

(1) Seema broke the glass.

(2) The hunter killed a tiger.

(3) The boys are playing football.

(II Passive Voice (مجہول): جس جملہ میں فاعل مجہول ہوتا ہے۔ اس جملہ کی Voice، Passive Voice ہوتی ہے۔ مثلاً

(1) A glass was broken.

(2) The tiger was killed.

(3) She was beeing taught.

(4) They have been deceived.

Active Voice سے Passive Voice میں بدلنے کی قواعد:

1)	Ahmed	writes	a letter.
2)	Seema	broke	the glass.
3)	She	will help	me.

(1) Active voice کا فاعل Passive Voice میں مفعول کی جگہ اور مفعول فاعل کی جگہ لاتے ہیں۔

(2) Passive voice کے مفعول کے پہلے سادے جملوں میں عام طور پر by استعمال کرتے ہیں۔

(3) فعل کی تیسری صورت Past Participle استعمال کرتے ہیں۔

(4) Verb to be زمانہ کے لحاظ سے فعل کی تیسری صورت کے پہلے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

Form	**Present حال**	**Past ماضی**	**Future مستقبل**
Indefinite	Am,are,is +Past .P.	was,were + Past .P.	Shallbe,Willbe + P.P.
Continuous	Am,are,is + being + P.P	Was, were + being + P.P	Shallbe,willbe + being + P.P
Perfect	have,has + been + P.P	had + been + P.P.	Shall have, will have + been + P.P.

-: Change the Voice :-

(1) She teaches me.
(2) They obeyed us.
(3) He will help me.
(4) She is reading a book.
(5) Seema was eating mangoes.
(6) He will be making a kite.
(7) The hunter has killed a tiger.
(8) He had broken the glass.
(9) They will have caught the ball.
(10) She gave me a chair.
(11) I saw him opening the door.
(12) We enjoyed bathing.
(13) They sell Radioes here.
(14) I received a news.
(15) They called him Nadeem.
(16) Call Anwar.
(17) Shut the door.
(18) Don't insult the weak.
(19) Who broke the glass?
(20) Did he catch the thief?
(21) Does he write a letter?
(22) Will I forget you?
(23) This is the time to declare the war.
(24) She wanted to buy a new Saree.
(25) It is now time to declare the war.

Mood

Mood : وہ طریقہ جس سے کام کرنے کی ریت معلوم ہوتی ہے۔ اسکو Mood کہتے ہیں۔
قسمیں: Mood کی تین قسمیں ہیں۔

(1) Indicative Mood:-

Indicative Mood میں بیانیہ، یا سوالیہ یا واقعہ کے بیان کرنے والے جملے آتے ہیں۔
مثلاً

(1) Arshad goes to school daily.
(2) Are you well?
(3) If it rains, I shall stay at home.

(2) Imparative Mood :-

Imparative Mood میں حکم، درخواست، یا دعائیہ جملے آتے ہیں مثلاً

(1) Wait here. (2) Be steady
(3) Let me go. (4) Let them play.

(3) Subjective Mood:-

Subjective Mood میں شرطیہ، مقصد یا خواہش دکھانے والے جملے ہوتے ہیں۔
مثلاً

(1)Had I seen the drowning child, I would have saved him.
(2)If I were king, you should be queen.
(3)Were he here, he would go with us.

Strong and Weak Verbs

(۱) **Weak Verbs** : جن افعال کے Past tense ان پر d، ed اور t بڑھا کر بنائے جاتے ہیں ان کو Weak Verbs کہتے ہیں مثلاً

Walk -	Walked	Tell - Told
Laugh -	Laughed	Sell - Sold
Want -	Wanted	Cut - Cut
Make -	Made	Feed - Fed
Meet -	Met	Have - Had
Pay -	Paid	Keep - Kept

(2) **Strong Verbs** : جن افعال کے Past Tense ان کے Present کے اندرونی Vowel بدل کر بنائے جاتے ہیں۔ ان کو Strong Verbs کہتے ہیں۔ مثلاً

See -	Saw	Dig -	Dug
Write -	Wrote	Drink -	Drank
Know -	Knew	Eat -	Ate
Begin -	Began	Fall -	Fell
Sing -	Sang	Come -	Came

Infinitive

Infinitive فعل اور اسم سے ملکر بنتا ہے مثلاً

(1) Ahmed likes to swim.

To swim - Verb + Noun اسم کا کام کرتا ہے
اسلئے To Swim کو Infinitive یا Verbal Noun بھی کہتے ہیں۔ وہ اسم کی طرح کام کرتا ہے۔ مثلاً

(1) To swim is good for health. (Subject)
(2) Seema likes to read. (object)
(3) I wish to go to home.
(4) I bade him to go.
(5) You must work.

(6) I saw him arrive.

(7) To play cricket is pleasant.

The Gerund

Gerund بھی Infinitive کی طرح Verb+Noun یعنی Verbal Noun ہوتا ہے۔ اسکے آخر میں ing ہوتا ہے۔ وہ Infinitive کی طرح کام کرتا ہے۔ مثلاً

(1) Swimming is good for health. (Subject)

(2) We like swimming. (object)

(3) Asking questions is easy.

(4) Be careful in driving a car.

(5) Helping the poor is our great duty.

(6) He is fond of collecting stamps.

(7) Raisa likes reading books.

Participle

Participle فعل سے اخذ کیا جاتا ہے۔ وہ صفت Adjective کا کام کرتا ہے۔ اسلئے اسکو Verb + Adjective - Verbal Adjective کہتے ہیں۔ مثلاً

(1) I saw a sleeping child.

(2) He found them sleeping.

(3) The baby lay smiling.

(4) Keep the broken chair in the room.

(5) Hearing the noise the baby got up.

(6) Finishing my work I went to school.

Kinds of Participle

Participle کی دو قسمیں ہیں۔

(1) Present Participle (2) Past Participle

(1)Present Participle: فعل پر ing کا اضافہ کر کے بنایا جاتا ہے۔ مثلا

(1) Write - Writing　　(2) Come - Coming

(3) Play - Playing　　(4) Swim - Swimming

یہ Continuous Tenses میں کام آتا ہے۔

(2) Past Participle: فعل کی تیسری صورت کے ساتھ having لگا کر بناتے ہیں۔ یہ Perfect Tenses میں کام آتا ہے۔

(1) Having played.　　(4) Having seen.

(2) Having drawn.　　(5) Having finished.

(3) Having heard.　　(6) Having killed.

Strong Verbs

Present	Past	Past-Participle
Arise طلوع ہونا،	Arose	Arisen
Awake جاگنا	Awoke	Awoke
Bear بچہ جننا	Bore	Born
Bear برداشت کرنا	Bore	Borne
Beat مارنا	Beat	Beaten
Begin شروع کرنا	Began	Begun

Behold دیکھنا	Beheld	Beheld
Bid حکم دینا	Bid, Bade	Bid, Bidden
Bind باندھنا	Bound	Bound
Bite کاٹنا	Bit	Bit, bitten
Blow ہوا کا چلنا	Blew	Blown
Break توڑنا	Broke	Broken
Burst پھٹ جانا	Burst	Burst
Chide دھمکی دینا	Chid	Chid,Chidden
Choose پسند کرنا	Chose	Chosen
Cleave	Clove	Cloven, Cleft
Cling چپکنا	Clung	Clung
Come آنا	Came	Come
Crow بانگ دینا	Crew,Crowed	Crowed
Dig کھودنا	Dug	Dug
Do کرنا	Did	Done
Draw کھینچنا	Drew	Drawn
Drink پینا	Drank	Drunk
Drive ہانکنا	Drove	Driven
Eat کھانا	Ate	Eaten
Fall گرنا	Fell	Fallen
Fight لڑنا	Fought	Fought
Find پانا	Found	Found
Fling پھینکنا	Flung	Flung

Fly اڑنا	Flew	Flown
For-bear برداشت کرنا	For bore	For borne
Forget بھولنا	Forgot	Forgotten
Forsake معاف کرنا	Forsook	Forsaken
Freeze	Froze	Frozen
Get	Got	Got
Give	Gave	Given
Go	Went	Gone
Grind	Ground	Ground
Grow	Grew	Grown
Hang	Hung,Hanged	Hung,Hanged
Hide	Hid	Hid, Hidden
Hold	Held	Held
Know	Knew	Known
Lie	Lay	Lain
Ride	Rode	Ridden
Ring	Rang	Rung
Rise	Rose	Risen
Run	Ran	Run
See	Saw	Seen
Shake	Shook	Shaken
Shine	Shone	Shone
Shoot	Shot	Shot

Shrink	Shrank	Shrunk
Sing	Sang	Sung
Sink	Sank	Sunk
Sit	Sat	Sat
Slay	Slew	Slain
Smite	Smote	Smitten
Sow	Sowed	Sown
Speak	Spoke	Spoken
Spin	Spun	Spun
Spring	Sprang,Sprung	Sprung
Stand	Stood	Stood
Steal	Stole	Stolen
Stick	Stuck	Stuck
Sting	Stung	Stung
Strike	Struck	Struck
Strive	Strove	Striven
Swear	Swore	Sworn
Swim	Swam	Swam
Swing	Swung	Swung
Take	Took	Taken
Tear	Tore	Torn
Thrive	Throve	Thriven
Throw	Threw	Thrown

Tread	Trod	Trodden,trod
Wake	Woke	Woke
Wear	Wore	Worn
Weave	Wove	Woven
Win	Won	Won
Wind	Wound	Wound
Wring	Wrung	Wrung
Write	Wrote	Written

Weak Verbs

Present	Past	Past-Participle
Bring	brought	brought
Buy	bought	bought
Catch	caught	caught
Creep	crept	crept
Deal	dealt	dealt
Feel	felt	felt
Flee	fled	fled
Keep	kept	kept
Kneel	knelt	knelt
Leave	left	left
Lose	lost	lost
Mean	meant	meant

Feed	fed	fed
Bleed	bled	bled
Breed	bred	bred
Lead	led	led
Meet	met	met
Read	read	read
Shoot	shot	shot
Speed	sped	sped
Pay	paid	paid
Say	said	said
Seek	sought	sought
Sell	sold	sold
Sleep	slept	slept
Sweep	swept	swept
Teach	taught	taught
Tell	told	told
Think	thought	thought
Weep	wept	wept
Walk	walked	walked

(5) صلہ فعل Adverb

صلہ فعل Adverb کسی فعل، دوسرے صلہ فعل یا صفت کی تعریف کرتے ہیں۔
مثلاً

(1) Ahmed runs slowly. (Adverb)
(2) Ahmed runs very slowly.
(3) Asma is a very good girl.

قسمیں: صلہ فعل کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

(1) Adverb of Manner

(۱)Adverb of Manner سے کسی کام کرنے کا طریقہ معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) He walks slowly.
(2) He hits hard.
(3) He writes badly.

(2) Adverb of Place:

(2) Adverb of Place سے کسی کام کرنے کی جگہ یا مقام معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) The train stops here.
(2) We live there.
(3) My father has gone out.
(Here, there, over board, out, up etc)

(3) Adverb of Time:-

(3) Adverb of Time سے کام کرنے کا وقت معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) I shall return tomorrow. (2) Do it now.
(3) I shall return soon. (4) Sohel went today.

(4) Adverb of Degree:-

(4) Adverb of Degree سے کسی کام کرنے کا درجہ یا حد معلوم ہوتی ہے۔ مثلاً
یہ صفت سے ظاہر کئے جاتے ہیں۔ مثلاً

(1) The flower is very beautiful.
(2) He is quite right.
(3) He is rather weak in English.
(4) His face is nearly black.

(5) Adverb of Number :-

(5) Adverb of Number سے کام کتنی بار ہوا معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) I have told you twice. (2) He once met me.

(6) Adverb of Affirmative or Negative:-

(6) Adverb of affirmative & Negative سے انکار یا اقرار معلوم ہوتا ہے۔

(1) I do not know him. (2) You are surely mistaken.

(7) Adverb of Reason:-

(7) Adverb of Reason سے سبب معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) I, therefore, left the school.
(2) Hence he is absent.

Preposition حرفِ ربط (6)

(1) Preposition حرف ربط دو اسموں کا تعلق ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً

(1) Ahmed is in the room.
(2) The book is on the desk.
(3) The book is on, near,in, beside, above, below the desk.

(Near, with, from, round, by, at, for, by, since, off, among, along, about, over, across, through, to, after, in case of, to look at, to talk about, to be fond

of, to be angry with, Inspite of, In order to, In form, of, owing to, along with, away from, depend upon, to give up, to deal with, to provide with, In course of, In place of, with reference to, with regard to etc.)

The Conjunction حرف عطف (7)

Conjunction دو لفظوں یا دو جملوں کو جوڑتا ہے۔ مثلاً

(1) Ahmed and Haneef are friends.
(2) I called him but he did not hear me.
(3) Two and two make four.
(4) I will stay until you come.
(5) Will you wait till I return.

Kinds of Conjunction

Conjunction کی دو قسمیں ہیں۔

(1) Subordinate Conjunctions:-

Subordinate Clause ان سے ماتحت جملے جوڑے جاتے ہیں۔ مثلاً

(1) Subordinate Noun, Adjective or Adverb Clauses. (Because, so, therefore, since, that, when, while, after, till, where, when, if, unless, though, although etc.)

(2) Co-ordinate Conjunctions :-

Co-ordinate Conjuntion سے دو ہم رتبہ جملے جوڑتے ہیں مثلاً

(And, but, yet, or, either, or, neither, nor, so)

Interjection حرفِ ندا (8)

دل کے خوشی کے یا رنج کے جذبات Interjection ظاہر کرتے ہیں مثلاً

Alas!, Oh!, Bravo!, Hush!, Hallo!, Ah!, etc.

Punctuation علامتِ وقف

وہ علامتیں جو تحریری عبارتوں میں فقرہ کا مطلب درست اور صحت سے سمجھانے کی غرض سے بنائی جاتی ہیں ان کو انگریزی میں Punctuation ''علاماتِ وقف'' کہتے ہیں۔ وہ یہ ہیں

1) **Comma [,]**: دو ایسے الفاظ کے درمیان رکھا جاتا ہے جن کو فقرہ میں یکساں تعلق ہوتا ہے۔ یہاں ایک گننے تک ٹھہرا جاتا ہے۔

(1) Having written a letter, I went to office.

(2) God, who is always merciful will pardon our sins.

(3) You will pass, because you work very hard.

2) **Semicolon [;]**: فقرے کے ایسے دو حصوں کے درمیان لگایا جاتا ہے جن میں سے ہر ایک خود کا حل معنی دیتا ہے۔ یہاں دو گننے تک ٹھہرتے ہیں۔

(1) The rain was falling heavily; the moon was hidden in the clouds; the troops entered the town.

3) **Colon [:]**: یہ مقولہ سے پہلے ایسے موقع پر لگایا جاتا ہے جہاں ایک فقرہ کا دوسرے فقرہ سے بہت ہی کم تعلق ہوتا ہے۔ یہاں تین گننے تک ٹھہرتے ہیں۔

(1) I suffered very much there: I was treated worst.

4) **The full stop [.]**: یہ فقرہ کے آخیر میں لکھا جاتا ہے سوالیہ نشان کے نیچے بھی لگاتے ہیں۔ یہاں چار گننے تک ٹھہر سکتے ہیں۔ جیسے

(1) I am writing. (2) He killed a tiger. (3) B.A.M.A.

5) **Sign of Interrogation [?]**: یہ علامت سوالیہ جملے کے آخیر میں لگاتے ہیں۔ مثلاً

(1) Will you help me? (2) Do you play?

6) **Sign of Exclamation[!]**: جس جملہ میں افسوس یا خوشی پائی جاتی ہے یہ علامت استعمال کی جاتی ہے۔ مثلاً

Alas! , Oh!, Dear me!

7) **Caret [^]**: اگر لکھنے میں کوئی حرف یا لفظ چھوٹ جائے تو یہ علامت لکھ کر اوپر وہ لفظ لکھدیتے ہیں۔ مثلاً

to in

(1) He went ^ school. (2) Altaf was ^ a room.

8) **Inverted Commas ["__"]**: کسی کی کہی ہوئی بات کو '' '' Inverted Commas میں بند کیا جاتا ہے۔ مثلاً

Tabrez said, "I play Cricket."

9) **The Hyphen [-]**: لفظ کو جوڑنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) The tiger was sleep-
ing in the jungle.

10) **Parenthesis [( )]**: یہ کسی لفظ یا Phrase کو اصلی جملہ سے الگ ظاہر کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

Parvez (The King of Iran) won the prize.

Use of Capital Letters

(1) جملہ کا پہلا حرف Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) The dog is barking. (2) We go to school.

(3) The cat is fat.

(2) نظم کی پہلی لائن کا پہلا لفظ Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) Twinkle Twinkle little stars. How I wonder what you are.

(3) Proper Nouns اور Proper Adjectives کا پہلا لفظ Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

Indians, Germans, Saudi, French

(4) خدا کا نام یا اس کے بدلے جو ضمیری آتی ہیں Capital لکھی جاتی ہیں۔

(1) God is very Kind.

(2) He is called The Great.

(5) مہینوں، دنوں، تہواروں، ذات اور مقدس کتابوں، ندیوں، پہاڑوں، جھیلوں، سمندروں کے نام بڑے لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً

The Holy Quran, January, Monday, Holi, Muslims, Hindus, The Ramayana, The Bible, The Indian Ocean, The Bay of Bengal, The Alps etc.

(6) مختصر کئے ہوئے حروف بڑے لکھے جاتے ہیں مثلاً

B.A.; M.A.; M.A.B.Ed.; B.Sc.; M.com.; L.L.B.; Ph.D.

(7) خاص خطاب کا پہلا حرف Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

His highness; Nightingale of India.

(8) مختصر کئے ہوئے نام Capital لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً

M.K. Gandhi, M.D. Haneef, S.Z. Qasim, M. Khalid.

9) اہم تاریخی واقعات Capital میں لکھے جاتے ہیں مثلاً

(1) The Magne Carta.; (2)The Revolution.;

(3)The Renaissance.

10) کسی کے کہے ہوئے جملہ کا پہلا حرف Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

Parvez said, "How are you?"

11) Single 'O' اور 'I' ہمیشہ Capital لکھے جاتے ہیں مثلاً

(1) I go. (2) O! my father

حروفِ تنکیر Articles

Articles کا استعمال اسم عام واحد اور صفت کے پہلے ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) Ahmed is a good boy.

قسمیں: Article کی دو قسمیں ہیں۔

(1) Indefinite Articles(A, An) (کوئی)

(2) Definite Article (The) (خاص)

استعمال:

A: ہر اسم عام واحد جو Consonant سے شروع ہوتا ہے اسکے پہلے A استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

A cap, A cat, A book, A map, A hat, A mat.

An: ہر اسم عام واحد جو Vowel سے شروع ہوتا ہے۔ اسکے لئے An استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

An ass, An ink-pot, an orange, an arrow, an hour, An umbrella, An enemy.

Exception University, a one eyed man, a one Rupee note.

The: کسی خاص چیز کو بتانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے مثلاً

(1) I saw a boy. The boy was going to Nanded.

(2) پہاڑوں، ندیوں، جھیلوں، خلیجوں اور سمندروں کے نام کے ساتھ The استعمال کیا جاتا ہے۔

1)The Ganges (2) The Himalayas (3) The Alps

4)The Indian ocean 5) The Bay of Bengal.

(3) اپنی قسم کی لامثال چیزوں کیلئے The استعمال کرتے ہیں مثلاً

(1) The Earth (2) The Moon (3) The Sun (4) The Sky

(4) مذہبی کتابوں کے ساتھ The استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

(1) The Quran (2) The Ramayana (3) The Bible.

(5) اگر اسم پوری جماعت کو ظاہر کرے تو The استعمال کرتے ہیں۔

The poor should help the rich.The dog is a faithful animal.

(6) Superlative Degree کے ساتھ The استعمال کیا جاتا ہے مثلاً

The tallest, The best.

کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

(ا) Proper Noun کے پہلے کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

Sajid, Parbhani, Nanded

(2) Material Noun کے پہلے کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

Gold, Iron, Grass, Milk, Stone

(3) Abstract Noun کے پہلے کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

Honesty, Kindness, Wisdom, Child hood etc.

(4) زبانوں کے ساتھ کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

Arabic, Urdu, Hindi, Tamil, Marathi, English

(5) رشتوں کے ساتھ کوئی Article استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔

Father, Uncle, Mother, Sister, Brother etc

LESSON NO. 2

Tenses زمانے

زمانے کی تین قسمیں ہیں:

1) Present حال 2) Past ماضی 3) Future مستقبل

Persons صیغے

صیغے تین ہیں۔ 1) متکلم ا میں' ہم we Ist Person

2) حاضر یا مخاطب تو Thou you تم IInd Person

3) غائب He, She, It وہ' They وے IIIrd Person

(1) Present Verb to be as a Principal Verb

am, are is زمانہ حال کے فعل

واحد		جمع	
I am	میں ہوں	We are	ہم ہیں
You are	تو ہے	You are	تم ہو
He, She, It is	وہ ہے	They are	وہ ہیں

ترجمہ کرو:

١) میں طالب علم ہوں۔	I am a student.
٢) لڑکے غیر حاضر ہیں۔	The boys are absent.
٣) وہ بیمار ہے۔	He is ill.
٤) اقبال کے والد کسان ہیں۔	Iqbal's father is a farmer.
٥) ہما تندرست ہے۔	Huma is healthy.
٦) لڑکیاں شریر ہیں۔	The girls are naughty.
٧) میرا پنکھا میز پر ہے۔	My fan is on the table.
٨) گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔	The rose is beautiful.
٩) میری جماعت میں تیس لڑکے ہیں۔	There are thirty boys in my class.
١٠) یہ کھڑکیاں ہیں۔	These are windows.

(2) Past Verb to be as a principal verb

I) I was میں تھا	We were ہم تھے
II) You were تو تھا	You were تم تھے
III) He, She, it was وہ تھا، تھی	They were وہ تھے

ترجمہ کرو:

١) میرا دوست ستار تھا۔	My friend was a Carpenter.
٢) میری کتابیں میرے بستہ میں تھیں۔	My books were in my bag.
٣) کریم کا بھائی ڈاکٹر تھا۔	Karim's brother was a doctor.
٤) لڑکے میرے دوست تھے۔	The boys were my friends.
٥) لڑکیاں غیر حاضر تھیں۔	The girls were absent.
٦) میرا پنکھا ٹیبل پر تھا۔	My fan was on the table.
٧) کسان کھیت میں تھا۔	The farmer was in the field.
٨) میری گائے دبلی تھی۔	My cow was thin.

٩) میرے باغ میں دس آم کے درخت تھے۔	There were ten mango trees in my garden.
١٠) میرا گھر اسٹیشن سے دو میل دور تھا۔	My house was two miles away from the railway station.

B Part

١) احمد تندرست تھا۔ ٢) احمد تندرست نہیں تھا۔
٣) کیا احمد تندرست تھا؟ ٤) کیا احمد تندرست نہیں تھا؟

1) Ahmed was healthy. 2) Ahmed was not healthy.
3) Was Ahmed healthy? 4) Was Ahmed not healthy?

١) لڑکیاں شریر ہیں۔ ٢) لڑکیاں شریر نہیں ہیں۔
٣) کیا لڑکیاں شریر ہیں؟ ٤) کیا لڑکیاں شریر نہیں ہیں؟

1) The girls are naughty.2) The girls are not naughty.
3) Are the girls naughty?4) Are the girls not naughty?

چار طریقے سے لکھو؟

١) میری بہن ٹیچر ہے۔ ٢) کتا وفادار جانور ہے۔
٣) کسان کھیت میں ہے۔ ٤) گھوڑے دبلے تھے۔
٥) گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔ ٦) گائے مفید جانور ہے۔
٧) میرا دوست سنار تھا۔ ٨) بلیاں موٹی تھیں۔
٩) دروازہ کھلا تھا۔ ١٠) کھڑکیاں بند تھیں۔

C Part

١) میری چھتری کہاں ہے؟ ٢) تمہارا گھر کہاں ہے؟
٣) تمہاری جیب میں کتنے روپیہ تھے؟ ٤) تمہارا گھر مدرسہ سے کتنی دور تھا؟
٥) میز پر کس کا پنکھا ہے؟ ٦) تمہارے چچا کا پریس کہاں تھا؟
٧) تمہارے چچا کے پریس میں کتنے نوکر تھے؟ ٨) تمہارے والد کیا ہیں؟

۹) تمہاری جماعت میں کتنے لڑکے ہیں؟
۱۰) تمہارے باغ میں کتنے آم کے درخت تھے؟
۱۱) لڑکے کیوں غیر حاضر تھے؟
۱۲) تمہاری عمر کیا ہے؟
۱۳) تمہارے ہاتھوں میں کتنی انگلیاں ہیں؟
۱۴) احمد کس کا بیٹا تھا؟
۱۵) سیما کس کی بہن ہے؟
۱۶) تمہاری ٹوپی کا رنگ کیسا ہے؟
۱۷) تمہاری کتاب میں کتنے صفحے ہیں؟
۱۸) نقشہ کہاں تھا؟
۱۹) تمہارے مدرسہ کا نام کیا ہے؟
۲۰) تمہارا مدرسہ کہاں ہے؟

مشکل الفاظ

Umbrella	چھتری	Hand	ہاتھ
Pocket	جیب	Fingers	انگلیاں
How many	کتنے	Colour	رنگ
How long	کتنی دور	Pages	صفحے
Whose	کس کا	Map	نقشہ
Press	پریس	Rose	گلاب کا پھول
Garden	باغ	Beautiful	خوبصورت
Why	کیوں	Useful	کارآمد

LESSON NO. 3 & 4

Use of Have , Had

رکھنا۔ پاس ہونا۔ رکھتا تھا۔ پاس تھا۔

Present To have

I have	میں رکھتا ہوں	We have	ہم رکھتے ہیں
You have	تو رکھتا ہے	You have	تم رکھتے ہیں
He,She,it has	وہ رکھتے ہیں	They have	وہ رکھتے ہیں

Past Had

I had	میں رکھتا تھا	We had	ہم رکھتے تھے
You had	تو رکھتا تھا	You had	تم رکھتے تھے
He,She,It had	وہ رکھتا تھا	They had	وہ رکھتے تھے

ترجمہ کرو۔

1) I have two hands — ۱) مجھے دو ہاتھ ہیں۔
2) Huma had two brothers. — ۲) ہما کو دو بھائی تھے۔
3) The Cow has two horns. — ۳) گائے کو دو سینگ ہوتے ہیں۔
4) Ahmed had a beautiful garden. — ۴) احمد کے پاس ایک خوبصورت باغ تھا۔
5) We have many maps. — ۵) ہمارے پاس بہت سے نقشے ہیں۔
6) The soldier had a sword. — ۶) سپاہی کے پاس تلوار تھی۔

B part

I have two hands.	مجھے دو ہاتھ ہیں۔ (۱
I have not two hands.	مجھے دو ہاتھ نہیں ہیں۔ (۲
Have I two hands?	کیا مجھے دو ہاتھ ہیں؟ (۳
Have I not two hands?	کیا مجھے دو ہاتھ نہیں ہیں؟ (۴
1) The dog had four legs	کتے کو چار پیر تھے۔ (۱
2) The dog had not four legs.	کتے کو چار پیر نہیں تھے۔ (۲
3) Had the dog four legs?	کیا کتے کو چار پیر تھے؟ (۳
4) Had the dog not four legs?	کیا کتے کو چار پیر نہیں تھے؟ (۴

نوٹ :۔ Have, has, had کے Negative جملوں میں تعداد نہ دی گئی ہو تو "No" استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

(۱) میرے پاس قلم نہیں ہے۔ I have no pen.

(۲) میرے پاس قلم نہیں تھا۔ I had no pen.

انگریزی میں ترجمہ کرو؟ (Use have, has, had)

(۱) شکاری کے پاس بندوق تھی۔

(۲) ہاتھی کے ایک سونڈ ہوتی ہے۔

(۳) احمد کے پاس چھتری نہیں تھی۔

(۴) عزمہ کے پاس چار کاپیاں نہیں تھی۔

(۵) کیا ان کے پاس پانچ گھوڑے نہیں تھے؟

(۶) ہر ایک لڑکی کے پاس دو کنگھے تھے۔

(۷) کس کے پاس پینسلیں نہیں تھیں؟

(۸) ایک مہینہ میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

(۹) ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟

(۱۰) احمد کو کتنے بھائی اور بہنیں تھیں؟

(۱۱) اسریٰ کی جیب میں کتنے روپیہ ہیں؟

(۱۲) تمہاری کتاب میں کتنے صفحے تھے؟

(۱۳) میرے کمرہ میں چار دروازے اور پانچ کھڑکیاں ہیں۔

(۱۴) احمد کے ہاتھ میں کیا ہے؟

(۱۵) کیا احمد کی جیب میں بیس روپے ہیں؟

(۱۶) ہماری اسکول کا گیٹ بہت مضبوط ہے۔

(۱۷) تمہارے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں؟

(۱۸) کس کے کتے کو کان نہیں ہیں؟

(۱۹) تمہاری سائیکل کو کتنے چاک ہیں؟

(۲۰) کیا تمہاری اسکول میں ایک خوبصورت باغ ہے؟

(۲۱) تمہارے چچا کے پریس میں کتنے نوکر تھے؟

(۲۲) بشریٰ کے گھر میں ایک خوبصورت باغ تھا۔

(1) Hunter	شکاری	(2) Gun	بندوق
(3) Elephant	ہاتھی	(4) Trunk	سونڈ
(5) Umbrell a	چھتری	(6) Comb	کنگا
(7) W ho	کون۔کس کے پاس	(8) Pencil	پینسل
(9) Month	مہینہ	(10) Day	دن
(11) How many	کتنے	(12) Year	سال
(13) Pocket	جیب	(14) Gate	گیٹ
(15) Cycle	سائیکل	(16) Servant	نوکر

LESSON NO. 5

Forms of Tenses زمانے کی قسمیں

(1) Present - حال (2) Past - ماضی (3) Future - مستقبل

Forms :

(1) Indefinite سادہ (2) Continuous - چالو
(3) Perfect - مکمل (4) Perfect Continuous مکمل چالو

Ways of Speaking each form :

(1) Affirmative اقراریہ
(2) Negative انکاریہ
(3) Interrogative سوالیہ
(4) Interrogative Negative سوالیہ انکاریہ

(1) حال سادہ اقراریہ

Present Indefinite (Affirmative)

پہچان:۔ تا ہوں۔ تی ہوں۔ تے ہیں۔
(ا) میں لکھتا ہوں۔

بنانے کا طریقہ: جملہ میں جو بھی فعل ہو اس کا To گرا کر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔
مگر He, She, It کیلئے فعل پر 's' یا 'es' کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً

I write میں لکھتا ہوں	We write : ہم لکھتے ہیں
You write تو لکھتا ہے	You write : تم لکھتے ہو
He,she,it writes وہ لکھتا ہے یا لکھتی ہے	They write: وہ لکھتے ہیں

(2) حال سادہ انکاریہ

Present Ind. Negative

Present Indefinite Aff. کے فاعل اور فعل کے درمیان do not لگاتے ہیں۔
اور He,She, it, کیلئے does not لگاتے ہیں فعل کا 's' یا 'es' نکال دیتے ہیں۔

I do not write. میں نہیں لکھتا ہوں	We do not write . ہم نہیں لکھتے ہیں۔
You do not write.	You do not write.
He,She,it does not write.	They do not write.

(3) حال سادہ سوالیہ

Present Ind. Interrogative

Present Indefinite affirmative کے فاعل کے پہلے Do لگاتے ہیں۔
He,She,It کیلئے Does. لگاتے ہیں۔

Do I write? کیا میں لکھتا ہوں؟	Do we write? کیا ہم لکھتے ہیں؟
Do you write?	Do you write?
Does he, She, it write?	Do they write?

(4) سوالیہ انکاریہ

Present Ind. Interrogative Negative

سوالیہ جملے میں فاعل کے بعد not لگاتے ہیں۔

Do I not write? کیا میں نہیں لکھتا ہوں۔	Do we not write?
Do you not write?	Do you not write?
Does he,she,it not write?	Do they not write?

انگریزی میں ترجمہ کرو۔

(۱) کتے بھونکتے ہیں۔ (۲) لڑکیاں دوڑتی ہیں۔
(۳) احمد دروازہ کھولتا ہے۔ (۴) مالی پھول توڑتا ہے۔
(۵) گائے گھانس کھاتی ہے۔ (۶) لڑکے فٹ بال کھیلتے ہیں۔
(۷) کسان بیج بوتا ہے۔ (۸) چپراسی گھنٹی بجاتا ہے۔
(۹) وہ مدرسہ نہیں جاتا ہے۔ (۱۰) کیا ستار کرسیاں بناتا ہے؟
(۱۱) کیا کتے نہیں بھونکتے ہیں؟ (۱۲) کیا لڑکیاں اسکول نہیں جاتی ہیں؟
(۱۳) کیا تم کتاب خریدتے ہو؟ (۱۴) وہ کیا کھاتا ہے؟
(۱۵) تم کہاں رہتے ہو؟ (۱۶) تمہارا نوکر کارخانہ کو کب جاتا ہے؟
(۱۷) وہ کس کی کتاب پڑھتا ہے؟ (۱۸) احمد کس کی کتاب پڑھتا ہے؟
(۱۹) تم مدرسہ دیر سے کیوں جاتے ہو؟ (۲۰) لڑکے کس کو ستاتے ہیں؟
(۲۱) پولس کس کو پکڑتا ہے؟ (۲۲) تمہاری ٹیچر کن کی کاپیاں درست کرتی ہیں؟
(۲۳) کیا چپراسی گھنٹی بجاتا ہے؟ (۲۴) میرے پڑوسی کی عورت پیستی ہے۔
(۲۵) لڑکے کب کھیلتے ہیں؟ (۲۶) تم کتنے آم کھاتے ہو؟
(۲۷) باغبان پودوں کو کب پانی دیتا ہے؟ (۲۸) تم صبح کب اٹھتے ہو؟
(۲۹) تمہارا ٹیچر تم کو کب پڑھاتا ہے؟ (۳۰) تم لبنیٰ کو کب پڑھاتے ہو؟
(۳۱) ہم اپنے والدین کا حکم مانتے ہیں۔ (۳۲) میری بہن کاتتی ہے۔
(۳۳) سورج مشرق سے نکلتا ہے۔ (۳۴) چوکیدار مدرسہ کی نگرانی کرتا ہے۔

Bark	بھونکنا	What	کیا
To Pluck	پھول توڑنا	Where	کہاں
Grass	گھانس	When	کب
Seed	بیج	Factory	کارخانہ
Sow	بونا، بیرنا	Whose	کسکی

Peon	چپراسی	To read	پڑھنا
To ring	بجانا	To rise	طلوع ہونا
Bell	گھنٹی	To spin	کاتنا
Capenter	ستار	To guard	نگرانی کرنا
To buy	خریدنا	To teach	پڑھانا
Neighbour	پڑوسی	To get up	اٹھنا۔ جاگنا

LESSON NO.6

حال جاریہ

Present Continuous Affirmative

پہچان :۔ رہا ہوں ۔ رہی ہوں ۔ رہے ہیں

بنانے کا طریقہ :۔ فعل کا To گرا کر اس پر ing لگا کر

(Present verb to be) am,are,is لگا کر

صیغوں کے ساتھ رکھ دینے سے Present Continuous Affirmative. بنتا ہے۔ مثلاً میں لکھ رہا ہوں۔

am
are To write ing
is

I am writing : میں لکھ رہا ہوں We are writng : ہم لکھ رہے ہیں
You are writing. You are writing.
He,She,it,is writing. They are writing.

حال جاریہ انکاریہ

Present Continuous Negative

Present Continuous Aff. کے فاعل اور فیعل معاون کے درمیان not لگا دیتے ہیں۔مثلاً

I am not writing. میں نہیں لکھ رہا ہوں۔	We are not writing
You are not writing.	You are not writing.
He, she, it, is not writing.	They are not writing.

حال جاریہ اقراریہ

Present Continuous Interrogative

حال جاریہ اقراریہ کا verb to be فاعل کے پہلے لا لیتے ہیں۔مثلاً

Am I writing? کیا میں لکھ رہا ہوں؟	Are we writing?
Are you writing?	Are you writing?
Is he,she,it writing.	Are they writing?

حال جاریہ انکاریہ سوالیہ

Present Continuous Interrogative Negative

حال جاریہ سوالیہ کے فاعل کے بعد not لگا دیتے ہیں۔مثلاً

Am I not writing? کیا میں نہیں لکھ رہا ہوں؟	Are we not writing?
Are you not writing?	Are you not writing?
Is,he,she,it not writing?	Are they not writing?

Ing لگانے کے اصول

(۱) اگر فعل کے آخر میں 'e' ہوتو 'ing' لگاتے وقت 'e' گرا دیتے ہیں۔

Write - Writing, Come - Coming

(2) اگر فعل کے آخر میں Consonant ہو اور اسکے پہلے Vowel ہو تو ing لگاتے وقت Consonant کو ڈبل کر دیتے ہیں۔

Run - Running , Swim - Swimming

(3) اگر فعل کے آخر میں 'ie' ہو تو 'ing' لگاتے وقت 'ie' کو y سے بدل دیتے ہیں-

Die - Dying , Tie - Tying, Lie - Lying

انگریزی میں ترجمہ کرو:

(۱) لڑکے فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ (۲) ہمارا مانیٹر کاپیاں جمع کر رہا ہے۔

(۳) کیا ستار کرسیاں بنا رہا ہے؟ (۴) وہ کہاں جا رہا ہے؟

(۵) چپراسی گھنٹی نہیں بجا رہا ہے۔ (۶) کیا راشد ممبئی جا رہا ہے؟

(۷) ندی میں کون تیر رہے ہیں؟ (۸) وہ کس کو پڑھا رہا ہے؟

(۹) کیا اسماء کتاب خرید رہی ہے؟ (۱۰) کسان کیا کر رہا ہے؟

(۱۱) لڑکیاں پھول نہیں چن رہی ہے؟ (۱۲) تمہاری بہن کیوں کاٹ نہیں رہی ہے؟

(۱۳) پولس کس کو پکڑ رہا ہے؟ (۱۴) لڑکے کتے کو کیوں ستا رہے ہیں؟

(۱۵) تمہاری ٹیچر کن کی کاپیاں درست کر رہی ہے؟

(۱۶) وہ کیوں رو رہی ہے؟ (۱۷) ٹیچر کس کو پڑھا رہا ہے؟

(۱۸) ام حبیبہ کیوں نہیں گا رہی ہے؟ (۱۹) اسکی عورت بُن رہی ہے۔

(۲۰) ہمارے گھر کی چھت ٹپک رہی ہے۔ (۲۱) سنار کس کی بالیاں بنا رہا ہے؟

(۲۲) کیا وہ کتاب چرا رہی ہے؟ (۲۳) باغبان پھل خرید رہا ہے؟

(۲۴) وہ کس کو سزا دے رہا ہے؟ (۲۵) دھوبی کس کے کپڑے دھو رہا ہے؟

Washerman	دھوبی	To tease	ستانا
Steal	چرانا	To weave	ستانا

Gold - Smith	سنار	To pluck	چننا
Ear - ring	بالیاں	To teach	پڑھانا
To spin	کاتنا	To collect	جمع کرنا
To sing	گانا	Roof	چھت
To correct	درست کرنا	To weep	رونا
Whose	کن کی۔ کس کی	To buy	خریدنا
Whom	کس کو	Clothes	کپڑے

LESSON NO. 7

حال مکمل اقراریہ

Present Perfect Affirmative

پہچان:۔ چکا ہوں۔ چکی ہوں۔ چکے ہوں۔

بنانے کا طریقہ:۔ فعل کی تیسری صورت Past Participle لیکر اس کے پہلے have,has لگا دینے سے حال مکمل اقراریہ بنتا ہے۔ مثلاً میں لکھ چکا ہوں۔ میں نے لکھ لیا ہے۔ میں نے لکھا ہے۔

write	**wrote**	**written**
have		
——	**written**	
has		

I have written. میں لکھ چکا ہوں — We have written.

You have written. — You have written.

He.she,it has written. — They have written.

Present Perfect Negative

بنانے کے لئے حال مکمل اقراریہ کے have کے بعد not لگا دیتے ہیں۔

Ihave not written. میں نہیں لکھ چکا ہوں۔ — We have not written.

You have not written. — You have not written.

He, she, it, has not written. — Than have not written.

Present Perfect Interrogative Negative

بنانے کے لئے حال مکمل سوالیہ کے فائل کے بعد Not لگا دیتے ہیں؟

Have I not written ? — Have we not written?

Have you not written ? — Have you not written?

Has he,she,it, not written ? — Have they not written?

انگریزی میں ترجمہ کرو:

۱) میں آم کھا چکا ہوں۔
۲) الماس مدرسہ چلی گئی ہے۔
۳) عبداللہ نے پانی پی لیا ہے۔
۴) گائے گھانس کھا چکی ہے۔
۵) وہ آم بیچ چکے ہیں۔
۶) شکاری نے ہرن مار ڈالا ہے۔
۷) پولس نے چور کو پکڑ لیا ہے۔
۸) چپراسی گھنٹی بجا چکا ہے۔
۹) ستار نے کرسیاں بنالیا ہے۔
۱۰) ہمارا ماسٹر کاپیاں جمع کر چکا ہے۔
۱۱) کیا تم اپنا کام خاتم کر چکے ہو؟
۱۲) لڑکے کہاں چلے گئے ہیں؟
۱۳) ٹیچر نے کس کو سزا دی ہے؟
۱۴) سیما نے کس کی کتاب چرالی ہے؟
۱۵) لڑکے پکنک سے واپس آ گئے ہیں۔
۱۶) کسان بیچ پیر چکا ہے۔

۱۷) میرا گھوڑا آج مر گیا ہے۔ ۱۸) کملا نے اپنی چوڑیاں توڑ ڈالی ہیں۔

۱۹) احمد نے کس کو پکڑ لیا ہے؟ ۲۰) سراج نے کیا خرید لیا ہے؟

۲۱) ہم نے میچ جیت لیا ہے؟ ۲۲) تم نے اپنی کتابیں کہاں گنوا دی ہے؟

۲۳) ٹیچر نے جاوید کو کیوں سزا دی ہے؟

۲۴) تمہارا دوست کہاں گیا ہے؟

۲۵) چپراسی نے دروازے اور کھڑکیاں بند کر دیا ہے۔

۲۶) مدثر نے کس کا گلاس توڑ دیا ہے؟ ۲۷) بیمار مر چکا ہے۔

۲۸) کیا وہ ممبئی چلا گیا ہے؟ ۲۹) میرے بھائی نے کس کو خط لکھ دیا ہے؟

۳۰) شاداب نے سیما کی سلیٹ توڑ دی ہے۔

۳۱) ہم نے کتابیں خرید لی ہیں۔ ۳۲) مزدور نے اپنا کام پورا نہیں کیا ہے۔

۳۳) فرہین نے میری کتابیں واپس کر دی ہے۔

۳۴) مزدور نے اپنا کام پورا نہیں کیا ہے۔

۳۵) سیما نے کس کا گلاس توڑ دی ہے۔

۳۶) بچہ دودھ پی چکا ہے۔ ۳۷) وہ اپنی جیب بھر چکا ہے۔

To Finish	ختم کرنا	To Steal	چرانا
To Correct	درست کرنا	To defeat	شکست دینا
To Close	بند کرتا	To Win	جیتنا
To Ring	بجانا	Leave	رخصت
To Return	واپس کرنا	Labour	مزدور
Patient	بیمار	To Kill	مار ڈالنا
To fill	بھرنا	To Break	توڑنا

LESSON NO. 8

حال مکمل جاریہ

Present Perfect Continous

پہچان : تا رہا ہوں۔ تی رہی ہوں۔ تے رہے ہیں۔

بنانے کا طریقہ : فعل پر ing بڑھا کر اسکے پہلے have been یا has been رکھ کر صیغوں کے ساتھ رکھ دینے سے حال مکمل جاریہ بنتا ہے

have/has +	been +	writing
I have been writing میں لکھتا رہا ہوں		we have been writing
You have been writing		you have been writing
He, she, it has been writing		They have been writing

Present Perfect Continuous Negative (II) حال مکمل جاریہ

انکاریہ بنانے کیلئے have been کے درمیان Not لگا دیتے ہیں۔

I have not been writing	We have not been writing
You have not been writing	You have not been writing
He,she,it has not been writing	They have not been writing

Present perfect Continuous Interrogative (III)

حال مکمل جاریہ سوالیہ بنانے کے لئے حال مکمل جاریہ اقراریہ کا have فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

کیا میں لکھتا رہا ہوں؟

Have I been writing ?	Have we been writing ?
Have you been writing?	Have you been writing ?
Has he, she, it, been writing ?	Have they been writing ?

(IV) Present Perfect Continuous Interrogative Negative حال مکمل جاریہ سوالیہ انکاریہ بنانے کیلئے حال مکمل جاریہ انکاریہ کا Have پہلے لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

کیا میں نہیں لکھتا رہا ہوں؟

Have I not been writing?	Have we not been writing?
Have you not been writing?	Have you not been writing?
Has he, she, it not been writing?	Have they not been writing?

انگریزی میں ترجمہ کرو

۱) لڑکے صبح سے شام تک ندی میں تیرتے رہے ہیں۔
۲) لڑکیاں سال بھر دیر سے آتی رہی ہیں۔
۳) سال بھر ان دنوں ہم سفر کرتے رہے ہیں۔
۴) ستار دن بھر کرسیاں بناتا رہا ہے۔
۵) لڑکے کتے کو دن بھر کیوں ستاتے رہے ہیں؟
۶) کسان دن بھر بیج کب پیرتا رہا ہے؟
۷) تمہاری ٹیچر کس کی کاپیاں درست کرتی رہی ہیں؟
۸) کیا درزی سال بھر کپڑے سیتا رہا ہے؟
۹) کون صبح سے شام تک جنگل میں بھٹکتے رہے ہیں؟
۱۰) انشاء رات کیوں روتی رہی ہے؟
۱۱) میرے پڑوسی کی عورت دن بھر کیا کرتی رہی ہے؟
۱۲) سپاہی دن بھر کس کا پیچھا کرتا رہا ہے؟
۱۳) کیا شاداب ہمیشہ شور کرتا رہا ہے؟
۱۴) جولاہا کس کے کپڑے بنتا رہا ہے؟

۱۵) کیا مالی دن بھر پودوں کو پانی دیتا رہا ہے؟
۱۶) آج دن بھر بارش ہوتی رہی ہے۔

To wonder	بھٹکنا	From morning to evening	صبح سے شام تک
To chase	پیچھا کرنا	All the year	سال بھر
To make noise	شور کرنا	Travelling	سفر
Weaver	جولاہا	To correct	درست کرنا
Weaving	بننا	To sew	سینا
To water	پانی دینا	Plants	پودے

LESSON NO. 9
ماضی سادہ اقراریہ
Past Indefinite

پہچان:۔ آیا، گیا، کھایا، پکڑا وغیرہ
بنانے کا طریقہ:۔ فعل کی دوسری صورت یعنی Past-Tense لیکر صغیوں کے ساتھ رکھدیتے ہیں۔ مثلاً

Write (Wrote) میں نے لکھا

I wrote. میں نے لکھا	We wrote.
You wrote.	You wrote.
He,She,It Wrote.	They wrote.

Past Indefinite Negative ماضی سادہ انکاریہ فعل کی پہلی صورت لیکر اس کے پہلے did not لگا کر صغیوں کے ساتھ رکھدیتے ہیں۔ مثلاً

I did not write. میں نے نہیں لکھا	We did not write.

You did not write.	You did not write.
He she, it did not write.	They did not write.

Past Indefinite Interrogative

ماضی سادہ سوالیہ

I write کے پہلے did لگا دیتے ہیں۔

Did I write? کیا میں نے لکھا؟	Did we write?
Did you write?	Did you write ?
Did he,she, it write?	Did They write ?

Past Indefinite Interrogative Negative

ماضی سادہ سوالیہ انکاریہ

Past Indefinite Negative کا Did فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

Did I not write? کیا میں نے نہیں لکھا؟	Did we not write ?
Did you not write ?	Did you not write ?
Did he,she,it,not write ?	Did they not write ?

انگریزی میں ترجمہ کرو:۔

۱) احمد مدرسہ گیا۔ ۲) لڑکے فٹ بال کھیلے۔

۳) شیبا نے گیند پھینکا۔ ۴) احمد نے گیند پکڑا۔

۵) ہم میچ جیتے۔ ۶) لڑکوں نے شور مچایا۔

۷) لڑکے کہاں گئے؟ ۸) احمد نہیں رویا۔

۹) کیا بلی بھاگ گئی؟ ۱۰) لڑکی کیوں روئی ؟

۱۱) تم نے کتنی کتابیں خریدیں ؟ ۱۲) اس نے سلیٹ کب توڑ دی؟

۱۳) سیما نے کس کی کتاب چرالی؟ ۱۴) لڑکے کیوں بھاگ گئے ؟

۱۵) پولس نے چور کیوں پکڑا؟ ۱۶) اس نے کتے کو کیوں ستایا؟

۱۷) ٹیچر نے تمہاری کاپیاں کب درست کیں؟ ۱۸) میرا کتا آج مرگیا۔

۱۹) لڑکوں نے اپنے ٹیچر کی عدول حکمی کی؟ ۲۰) ٹیچر نے لڑکوں کو سزا دی۔

۲۱) انہوں نے گڑھا کہاں کھودا۔ ۲۲) کولمبس نے امریکہ کا پتہ لگایا۔

۲۳) عمران خان نے سورن بنائے۔ ۲۴) چپراسی نے گھنٹی بجائی۔

۲۵) میں اپنی نصیحت بھول گیا۔ ۲۶) سپنا نے گانا گایا۔

۲۷) امیر نے سیما کو پڑھایا۔ ۲۸) اس نے دروازہ بند کیا۔

۲۹) میرے دوست نے مجھے دھوکہ دیا ۳۰) پوسٹ من نے ہمارے خطوط لایا۔

To catch	پکڑا (جھیلا)	To deceive	دھوکہ دینا
To throw	پھینکنا	To forget	بھولنا
To win	جیتنا	To score	رن بنانا
To make noise	شور کرنا	A pit	گڑھا
To break	توڑنا	To discover	پتہ لگانا
To buy	خریدنا	To disobey	عدول حکمی کرنا
To correct	درست کرنا	To tease	ستانا

LESSON NO. 10

ماضی جاریہ اقراریہ

Past Continuous

پہچان: رہا تھا۔ رہی تھی۔ رہے تھے۔

بنانے کا طریقہ:۔ فعل پر ing لگا کر اسکے پہلے Was, Past Verb to be
were, لگا کر صغیوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

I was writing. میں لکھ رہا تھا۔ We were writing.
You were writing. You were writing.
He,she,it, was, writing. They were writing.

Past Continuous Negative ماضی جاریہ انکاریہ بنانے کیلئے Verb کے بعد not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

I was not writing. We were not writing.
You were not writing. You were not writing.
He,she,it, was not writing. They were not writing.

Past Continuous Interrogative ماضی جاریہ سوالیہ بنانے کے لئے ماضی جاریہ اقراریہ کا be verb to فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

Was I writing ? کیا میں لکھ رہا تھا؟ Were we writing ?
Were you writing ? Were you writing?
Was he, she, it writing ? Were they writing ?

Past Continuous Interrogative Negative ماضی جاریہ سوالیہ انکاریہ بنانے کیلئے ماضی جاریہ انکاریہ کا verb to be فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

کیا میں نہیں لکھ رہا تھا۔
Was I not writing ? Were we not writing ?
Were you not writing? Were you not writing?
Was he,she, it not writing? Were they not writing?

Past Continuous

انگریزی میں ترجمہ کرو:۔

۱) لڑکے ندی میں تیر رہے تھے
۲) گھوڑا تیز دوڑ رہا تھا۔
۳) میری بہن کاٹ رہی تھی
۴) ہمارا ماسٹر کاپیاں جمع کرر ہا تھا۔
۵) باغبان پودوں کو پانی دے رہا تھا
۶) لڑکے شور کرر ہے تھے۔
۷) وہ کس کو پڑھا رہا تھا؟
۸) احمد ممبئ کیوں جا رہا تھا؟
۹) پولس کس کو پکڑ رہا تھا؟
۱۰) وہ کہاں کھیل رہے تھے؟
۱۱) ستار کن کی کرسیاں بنا رہا تھا؟
۱۲) کیا کسان بیج بو رہا تھا؟
۱۳) چپراسی گھنٹی کیوں بجا رہا تھا؟
۱۴) احمد کیا کھا رہا تھا؟
۱۵) لڑکیاں پھول چن رہی تھیں
۱۶) سیما کتنی کتابیں خرید رہی تھیں؟
۱۷) تمہارے پڑوسی کی دعورت کیوں رو رہی تھی؟
۱۸) دھوبی کن کے کپڑے دھو رہا تھا؟
۱۹) کیا میری گھر کی چھت ٹپک رہی تھی؟
۲۰) سنار کس کی بالیاں بنا رہا تھا؟
۲۱) آسماں پر تارے چمک رہے تھے۔

۲۲) ٹیچر کس کو پڑھا رہا تھا؟	۲۳) وہ میری سائیکل درست کر رہا تھا۔
۲۴) تم ایک خوبصورت تصویر کھینچ رہے تھے؟	۲۵) ڈرائیور موٹر چلا رہا تھا۔
۲۶) کیا تمہاری بہن کھانا پکا رہی تھی؟	۲۷) کسان ہل چلا رہا تھا۔
۲۸) پرندے گھونسلے بنا رہے تھے۔	۲۹) لڑکے پرندے پکڑ رہے تھے۔
۳۰) رات میں کتے بھونک رہے تھے۔	۳۱) گائے گھانس کھا رہی تھی۔
۳۲) گوالا دودھ بیچ رہا تھا۔	۳۳) درخت پر پرندے چہچہا رہے تھے۔

To chirp	چہچہانا	To shine	چمکنا
A milkman	گوالا	To wash	دھونا
To repair	درست کرنا	Washerman	دھوبی
To drive	ہانکنا، چلانا کھینچنا	Gold smith	سنار
To cook	کھانا پکانا	To leak	ٹپکنا
To plough	ہل چلانا	A seed	بیج
To sell	بیچنا	Ear-rings	بالیاں

ماضی مکمل اقراریہ
Past Perfect Affirmative

پہچان: چکا تھا۔ چکی تھی۔ چکے تھے۔
بنانے کا طریقہ:۔ فعل کی تیسری صورت لیکر اس کے پہلے had لگا کر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

I had written. میں لکھ چکا تھا۔	We had written.
You had written.	You had written.
He,she,it had written.	They had written.

ماضی مکمل انکاریہ
Past Perfect Negative

ماضی مکمل اقراریہ کے had کے بعد not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

I had not written. میں نہیں لکھ چکا تھا؟	We had not written.
You had not written.	You had not written.
He,She,it had not written.	They had not written.

ماضی مکمل سوالیہ
Past Perfect Interrogative

ماضی مکمل اقراریہ کا had فاعل کے پہلے لا لیتے ہیں۔

Had I written? کیا میں لکھ چکا تھا؟	Had we written?
Had you written?	Had you written?
Had he,she,it written?	Had they written?

ماضی مکمل سوالیہ انکاریہ
Past Perfect Interrogative Negative

ماضی مکمل سوالیہ کے فاعل کے بعد not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

I Had I not written? کیا میں نہیں لکھ چکا تھا؟	Had we not written?
Had you not written?	Had you not written?
Had he,she,it not written?	Had they not written?

انگریزی میں ترجمہ کرو؟

(۱) مریض مر چکا تھا۔
(۲) سکندر ممبئی جا چکا تھا۔
(۳) ہم سو چکے تھے۔
(۴) وہ میچ جیت چکے تھے۔
(۵) وہ خط ڈبہ میں ڈال چکا تھا؟
(۶) ہم اپنا کام ختم کر چکے تھے۔
(۷) تم کہاں چلے گئے تھے؟
(۸) وہ کتابیں نہیں خرید چکا تھا۔
(۹) پولس کس کو پکڑ چکا تھا؟
(۱۰) تمہارا بھائی کس کو پڑھا چکا تھا؟
(۱۱) لڑکے کتنے آم کھا چکے تھے؟
(۱۲) اس نے کسکی سلیٹ توڑ دی تھی؟
(۱۳) جب سورج غروب ہوا ہم واپس آ چکے تھے۔
(۱۴) جب میں اسٹیشن پہنچا گاڑی چھوٹ چکی تھی۔
(۱۵) جب ڈاکٹر آیا مریض مر چکا تھا۔
(۱۶) بارش شروع ہونے سے پہلے ہم مدرسہ پہنچ چکے تھے۔
(۱۷) کیا تمہارے جاگنے کے پہلے نوکر نے سفر کی تیاری نہیں کر لی تھی؟
(۱۸) فروری مہینہ ختم ہونے کے پہلے ہم نے کورس نہیں ختم کر لیا تھا؟
(۱۹) آپکے آنے کے پہلے کیا میں نے غسل نہیں کر لیا تھا؟
(۲۰) کیا تمہارے مدرسہ پہنچنے کے پہلے گھنٹی نہیں بج چکی تھی؟
(۲۱) یہاں پولس آنے کے پہلے چور بھاگ گیا تھا۔
(۲۲) پل کے گرنے کے پہلے گاڑی پل پار کر چکی تھی۔
(۲۳) ٹیچر نے کن کی کاپیاں درست کر لی تھی؟
(۲۴) بچہ نے کیا نگل لیا تھا؟
(۲۵) اس نے کن کو پڑھایا تھا؟

Bridge	پل	To set	غروب ہونا
To cross	پار کرنا	To start	روانہ ہونا
To swallow	نگل جانا	To reach	پہنچنا
To post	ٹپہ میں ڈالنا	To steal	چرانا

ماضی مکمل جاریہ اقراریہ
Past Perfect Continuous Affirmative

پہچان : تا رہا تھا۔ تی رہی تھی۔ تے رہے تھے۔ بنانے کا طریقہ: فاعل کے پہلے had been لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

Had been writing.	We had been writing.
You had been writing.	You had been writing.
He,she,it had been writing.	They had been writing.

ماضی مکمل جاریہ انکاریہ
Past Perfect Continuous Negative

ماضی مکمل جاریہ انکاریہ بنانے کے لئے ماضی مکمل جاریہ اقراریہ کے Had کے بعد Not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

I had not been writing.	We had not been writing.
You had not been writing.	You had not been writing.
He,She,It had not been writing	They had not been writing.

ماضی مکمل جاریہ سوالیہ

Past Perfect Continuous Interrogative

ماضی مکمل جاریہ اقراریہ کا had فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔

Had I been writing?	Had we been writing?
Had you been writing?	Had you been writing?
Had he,she,it been writing?	Had they been writing?

ماضی مکمل جاریہ سوالیہ انکاریہ

Past Perfect Continuous Interrogative Negative

مکمل ماضی جاریہ کے فاعل کے بعد not لگا دینے سے ماضی مکمل جاریہ سوالیہ انکاریہ بنتا ہے۔

Had I not been writing?	Had we not been writing?
Had you not been writing?	Had you not been writing?
Had he,she,it been writing?	Had they not been writing?

انگریزی میں ترجمہ کرو

(۱) ستار کرسیاں بناتا رہا تھا۔

(۲) لڑکے کھیلتے رہے تھے۔

(۳) اسریٰ دن بھر گاتی رہی تھی۔

(۴) لڑکیاں صبح سے شام تک پھول چنتی رہی تھیں۔

(۵) سپاہی رات بھر چور کا پیچھا کرتا رہا تھا۔

(۶) کل رات بھر کتے بھونکتے رہے تھے۔

(۷) رئیسہ دن بھر کپڑے دھوتی رہی تھی۔

(۸) تم تمام دن کس کو پڑھاتے رہے تھے؟

(۹) تمہاری ٹیچر دن بھر کن کی کاپیاں درست کرتی رہی تھیں؟

(۱۰) لڑکے دن بھر ندی میں کیوں تیرتے رہے تھے؟

(۱۱) کیا موہن سال بھر دیر سے آتا رہا تھا؟

(۱۲) احمد دو گھنٹے سے یہ کتاب پڑھتا رہا تھا۔(For)

(۱۳) کیا احمد تین گھنٹوں سے آپکا انتظار کرتا رہا تھا۔(For)

(۱۴) سیما تین گھنٹوں سے کیا کرتی رہی تھی؟ (For)

(۱۵) میری بہن کل شام سے میرا قلم تلاش کرتی رہی تھی۔(Since)

(۱۶) گذشتہ مہینہ سے لڑکے تفریح کو جاتے نہیں رہے تھے کیا؟ (Since)

(۱۷) کیا تم اس کارخانے میں گذشتہ دس سال سے کام کرتے رہے تھے؟(For)

(۱۸) دشمن کئی سال سے جنگ کی تیاری کرتے رہے تھے؟ (For)

(۱۹) میں صبح سے اپنی سائیکل صاف کرتا رہا تھا۔ (Since)

(۲۰) ڈاکٹر مئی کے مہینے سے بیمار کا علاج کرتے رہے تھے؟

(۲۱) گذشتہ پانچ دنوں سے لڑکے میچ کھیلتے رہے تھے؟

(۲۲) کل دن بھر بارش ہوتی رہی تھی؟ (۲۳) سیما ہمیشہ دیر سے کیوں آتی رہی تھی؟

To search for	تلاش کرنا	To Clean:	صاف کرنا
To walk	تفریح کو جانا	Patient :	بیمار
To treat	علاج کرنا	To wake	جاگنا
Factory	کارخانہ	To take bath	غسل کرنا
To prepare for war :	لڑائی کی تیاری کرنا	To wait for	انتظار کرنا
To pluck flowers :	پھول چننا	To chase	پیچھا کرنا

LESSON NO. 11

مستقبل سادہ اقراریہ

Future Indefinite

پہچان: گا۔ گی۔ گے، میں لکھوں گا۔ وہ کھیلے گی۔ہم جائیں گے۔

بنانے کا طریقہ: فعل کا To گرا کر اسکے پہلے I,We کے لئے Shall اور باقی کیلئے will لگا کر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔مثلاً

I shall write. میں لکھوں گا۔	We shall write.
You will write.	You will write.
He,she,it will write.	They will write.

Future Indefinite Negative مستقبل سادہ انکاریہ

مستقبل سادہ اقراریہ کے Shall / Will کے بعد not لگا دیتے ہیں۔

I shall not write. میں نہیں لکھوں گا۔	We shall not write.
You will not write.	You will not write.
He,She,It will not write.	They will not write.

مستقبل سادہ اقراریہ سوالیہ

Future Indefinite Interrogative

بنانے کیلئے مستقبل سادہ اقراریہ کا Shall / Will فاعل کے پہلے لگا دیتے ہیں۔

Shall I write? کیا میں لکھوں گا؟	Shall we write?
Will you write?	Will you write?
Will he,she,it write?	Will they write?

مستقبل سادہ سوالیہ انکاریہ

Future Indefinite Interrogative Negative

بنانے کیلئے مستقبل سادہ سوالیہ کے فاعل کے بعد not لگا دیتے ہیں مثلاً

Shall I not write? کیا میں نہیں لکھوں گا؟	Shall we not write?
Will you not write?	Will you not write?
Will he,she,it not write?	Will they not write?

انگریزی میں ترجمہ کرو۔

(۱) ہم فٹ بال کھیلیں گے۔
(۲) وہ ندی میں تیرے گا۔
(۳) میں کتاب خریدونگا۔
(۴) تم آم کھاؤ گے۔
(۵) لڑکے کتابیں بیچینگے۔
(۶) شہناز کپڑے دھوئے گی۔
(۷) کیا احمد خط لکھے گا؟
(۸) شیبا کس کو پکڑے گی؟
(۹) احمد اور موہن کہاں جائینگے؟
(۱۰) پولس کس کو پکڑیگا؟
(۱۱) ستار کن کی کرسیاں درست کریگا؟
(۱۲) ٹیچر کس کو پڑھائیگا۔
(۱۳) میری بہن دہلی نہیں جائیگی۔
(۱۴) لڑکے کیوں نہیں کھیلیں گے؟
(۱۵) وہ پتنگ بنائیگا۔
(۱۶) لڑکے میری مدد کرینگے۔
(۱۷) کسان اس سال کیا بوئے گا؟
(۱۸) لڑکے پانی نہیں پینگے؟
(۱۹) فرحین کتنے آم کھائیگی؟
(۲۰) وسیم کس کو سزا دیگا؟
(۲۱) تم کتابیں کیوں نہیں خریدو گے؟
۲۲) وہ کیوں شور کرینگے؟
(۲۳) احمد کس کی کتاب چرائیگا؟
(۲۴) ستار کس کی بالیاں بنائیگا؟
(۲۵) کیا آج دلیپ ممبئی سے آئیگا؟
(۲۶) وہ ممبئی کیوں جائینگے؟
(۲۷) وہ بینچ پر نہیں بیٹھے گا۔
(۲۸) ندیم احمد کو پانی نہیں دیگا۔

(۲۹) لڑکے شور کرینگے۔ (۳۰) مالک نوکر کو بلائیگا۔

(۳۱) چپراسی گھنٹی بجائیگا۔ (۳۲) ہماری ٹیچر ہماری کاپیاں درست کرے گی؟

(۳۳) شکاری ہرن کو ماریگا۔ (۳۴) گولی دودھ بیچے گا۔

To wash	دھونا	Kite	پتنگ
To sell	بیچنا	To punish	سزا دینا
To catch	پکڑنا	To make noise	شور کرنا
To mend	درست کرنا	To steal	چرانا
To repair	مرمت کرنا	To correct	درست کرنا

مستقبل جاریہ اقراریہ

Future Continuous Affirmative

پہچان: رہا ہوگا۔ رہی ہوگی۔ رہے ہونگے۔

بنانے کا طریقہ: فعل پر ing لگا کر اسکے پہلے Shall be, Will be رکھ کر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

I Shall be writing. میں لکھ رہا ہوں گا۔ We shall be writing.

You will be writing. You will be writing.

He,She,It will be writing. They will be writing.

مستقبل جاریہ انکاریہ

Future Continuous Negative

بنانے کیلئے مستقبل جاریہ اقراریہ کے Shall,Will کے بعد not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

میں نہیں لکھ رہا ہوں گا۔

I Shall not be writing. We shall not be writing

You will not be writing. You will not be writing.

He,she,It will not be writing. They will not be writing.

مستقبل جاریہ اقراریہ سوالیہ

Future Continuous Interrogative

بنانے کیلئے مستقبل جاریہ اقراریہ کا Shall / Will فاعل کے پہلے رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

Shall I be writing? کیا میں لکھ رہا ہوں گا؟ Shall we bewriting?

Will you be writing? Will you be writing?

Will he,she,it be writing? Will they be writing?

مستقبل جاریہ سوالیہ انکاریہ

Future Continuous interrogative Negative

بنانے کیلئے مستقبل جاریہ سوالیہ کے فاعل کے بعد not رکھ دینے سے مستقبل جاریہ سوالیہ انکاریہ بنتا ہے۔ مثلاً

کیا میں نہیں لکھ رہا ہونگا۔

Shall I not be writing? Shall we not be writing?

Will you not be writing? Will you not be writing?

Will he,she,it not be writing? Will they not be w riting?

انگریزی میں ترجمہ کرو۔

(۱) لڑکے فٹ بال کھیل رہے ہونگے۔ (۲) فرح گانا گا رہی ہوگی۔

(۳) گھوڑا تیز دوڑ رہا ہوگا۔ (۴) فریس ندی میں تیر رہا ہوگا۔

(۵) وہ ایک خوبصورت تصویر کھینچ رہی ہوگی۔ (۶) چپراسی گھنٹی بجا رہا ہوگا۔

(۷) تم کہاں خط لکھ رہے ہو گے؟

(۸) وہ کس کو خط لکھ رہا ہوگا؟

(۹) درزی کس کے کپڑے سی رہا ہوگا؟

(۱۰) باغبان پھل بیچ رہا ہوگا۔

(۱۱) بچہ دودھ پی رہا ہوگا۔

(۱۲) الطاف کس کو پکار رہا ہوگا؟

(۱۳) چپراسی دروازہ کھول رہا ہوگا۔

(۱۴) تم ممبئی کب جا رہے ہو گے؟

(۱۵) ہما آم نہیں کھا رہی ہوگی۔

(۱۶) لڑکے شور کر رہے ہونگے۔

(۱۷) میری گائے گھانس کھا رہی ہوگی۔

(۱۸) لڑکے کتے کو کیوں ستا رہے ہونگے؟

(۱۹) شاداب کیوں رو رہا ہوگا؟

(۲۰) کیا تمہارا گھوڑا تیز دوڑ رہا ہوگا؟

(۲۱) لڑکیاں پھول چن رہی ہوگی۔

(۲۲) پرندے چہچہا رہے ہونگے۔

(۲۳) صبح کی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہوگی۔

(۲۴) کسان اپنے کھیت میں ہل چلا رہا ہوگا۔

(۲۵) ہماری ٹیچر ہماری کاپیاں درست کر رہی ہونگی۔

(۲۶) ڈاکیہ ہمارے خطوط لا رہا ہوگا۔

(۲۷) دھوبی ہمارے کپڑے دھو رہا ہوگا۔

(۲۸) پرندے ہوا میں اڑ رہے ہونگے۔

(۲۹) بچے پانی پی رہے ہونگے۔

(۳۰) کیا تم کتابیں خرید رہے ہو گے؟

(۳۱) کون ممبئی جا رہا ہوگا؟

To pick up flower	پھول چننا	To chirp	چہچہانا
Blow	ہوا کا چلنا	To plough	ہل چلانا
Cool morning breeze	صبح کی ٹھنڈی ہوا	To wash	دھونا
To tease	ستانا	To close	بند کرنا

مستقبل مکمل اقراریہ

Future Perfect Affirmative

پہچان۔ چکا ہوگا۔ چکی ہوگی۔ چکے ہونگے۔
بنانے کا طریقہ: فعل کی تیسری صورت لیکر اسکے پہلے

Shall have, Will have لگا کر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

I shall have written. میں لکھ چکا ہونگا۔	We shall have written.
You will have written.	You will have written.
He, she, it will have written.	They will have written.

مستقبل مکمل انکاریہ

Future Perfect Negative

بنانے کیلئے مستقبل مکمل اقراریہ کے Shall have, will have کے بعد not لگا دیتے ہیں۔

میں نہیں لکھ چکا ہونگا۔

I shall have not written.	We shall have not written.
You will have not written.	You will have not written.
He, she, it will have not written.	They will have not written.

مستقبل مکمل سوالیہ

Future Perfect Interrogative

بنانے کیلئے مستقبل مکمل اقراریہ کا Shall have/ will have فاعل کے پہلے رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

Shall have I written?	Shall have we written?
Will have you written?	Will have you written?
Will he, she, it have written?	Will have you written?

مستقبل مکمل سوالیہ انکاریہ

Future Perfect Interrogative Negative

بنانے کیلئے مستقبل مکمل سوالیہ کے فاعل کے بعد not لگا دیتے ہیں۔

Shall have I not written?	Shall have we not written?
Will have you not written?	Will have you not written?
Will have he, she, it not written?	Will have they not written?

انگریزی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) لڑکے میچ جیت چکے ہونگے۔
(۲) ہم کتابیں خرید چکے ہونگے۔
(۳) وہ ممبئی چلے گئے ہونگے۔
(۴) شکاری نے ہرن مار ڈالا ہوگا۔
(۵) ہمارے مانیٹر نے کاپیاں جمع کر لیا ہوگا۔
(۶) ستار ہماری کرسیاں بنا چکا ہوگا۔
(۷) مالی پودوں کو پانی دے چکا ہوگا۔
(۸) پولس نے چور کو پکڑ لیا ہوگا۔
(۹) وہ اپنے دشمن کو شکست دے چکے ہونگے۔
(۱۰) جاوید نے کس کی سلیٹ توڑ دیا ہوگا؟
(۱۱) کیا نسرین پانی پی چکی ہوگی۔
(۱۲) دھوبی کپڑے دھو چکا ہوگا۔
(۱۳) چپراسی گھنٹی بجا چکا ہوگا۔
(۱۴) پروین دروازہ بند کر چکی ہوگی۔
(۱۵) شاداب نے کس کا گلاس توڑ دیا ہوگا؟
(۱۶) لڑکے تفریح کو جا چکے ہونگے۔
(۱۷) عائشہ پانی پی چکی ہوگی۔
(۱۸) میری بہن ایک خوبصورت تصویر کھینچ چکی ہوگی۔
(۱۹) پرندے ہوا میں اڑ چکے ہونگے۔
(۲۰) وہ سو چکے ہونگے۔
(۲۱) مالی پھل بیچ چکا ہوگا۔
(۲۲) کسان بیج پیر چکا ہوگا۔
(۲۳) وہ کہاں چلے گئے ہونگے؟
(۲۴) وہ وہاں کیوں چلے گئے ہونگے؟
(۲۵) بیمار مر چکا ہوگا۔
(۲۶) ڈاکٹر چلا گیا ہوگا۔
(۲۷) اس نے اپنا کام ختم کر لیا ہوگا۔
(۲۸) احمد نے کس کو پڑھا لیا ہوگا؟
(۲۹) سیما نے کیا چرا لی ہوگی؟
(۳۰) لبنیٰ کیا نگل چکی ہوگی۔

مستقبل مکمل جاریہ اقراریہ

Future Perfect Continuous Affirmative

پہچان: تا رہا ہوگا۔ تی رہی ہوگی۔ تے رہے ہونگے۔
بنانے کا طریقہ: فعل پر ing لگا کر اسکے پہلے Shall have been یا

will have been لگا دیگر صیغوں کے ساتھ رکھ دیتے ہیں مثلاً

I Shall have been writing. We shall have been writing.
You will have been writing. You will have been writing.
He,She,It will have been writing They will have been writing.

مستقبل مکمل جاریہ انکاریہ

Future Perfect Continuous Negative

مستقبل مکمل جاریہ کے بنانے کیلئے Shall have یا Will have کے بعد not لگا دیتے ہیں۔ مثلاً

I Shall have not been writing.
We shall have not been writing.
You will have not been wrting.
You will have not been writing.
He,she,it will have not been writing.
They will have not been writing

مستقبل مکمل اقراریہ سوالیہ

Future Perfect Continuous Interrogative

مستقبل مکمل اقراریہ کا بنانے کیلئے Shall have / Will have فاعل کے پہلے رکھ دیتے ہیں۔ مثلاً

Shall have I been writing? Shall have we been writing?
Will have you been writing? Will have you been writing?
Will have he,she,it been writing? Will have they been writing?

مستقبل مکمل سوالیہ انکاریہ

Future Perfect Continuous Interrogative Negative

بنانے کیلئے مستقبل مکمل سوالیہ کے فاعل کے بعد not لگا دیتے ہیں مثلاً

Shall have I not been writing?
Shall have we not been writing?
Will have you not been writing?
Will have you not been writing?
Will have he,she,it not been writing?
Will have they not been writing?

انگریزی میں ترجمہ کرو؟

(۱) لڑکے ندی میں تیرتے رہے ہونگے۔ (۲) کوثر کتاب پڑھتی رہی ہوگی۔
(۳) گولن دودھ بیچتی رہی ہوگی۔ (۴) مالی پھول توڑتا رہا ہوگا۔
(۵) عمران بالنگ کرتا رہا ہوگا۔ (۶) اظہر بیٹنگ کرتا رہا ہوگا۔
(۷) کتے رات بھر بھونکتے رہے ہونگے۔ (۸) کسان دن بھر فصل کاٹتا رہا ہوگا۔
(۹) ستار سال بھر کرسیاں بناتا رہا ہوگا۔ (۱۰) احمد دو گھنٹے سے کس کو مار رہا ہوگا؟
(۱۱) کیا تمہاری ٹیچر دن بھر تمہاری کاپیاں درست کرتی رہی ہوگی؟
(۱۲) پولس چور کا رات بھر کیوں پیچھا کرتا رہا ہوگا؟
(۱۳) چپراسی دو گھنٹے سے دروازے اور کھڑکیاں بند کرتا رہا ہوگا۔
(۱۴) شیر خاں سال بھر کپڑے سیتا رہا ہوگا۔
(۱۵) میرے پڑوسی کی عورت رات بھر پیستی رہی ہوگی۔
(۱۶) مالی دن بھر پھول توڑتا رہا ہوگا۔ (۱۷) وہ کس کو پڑھاتا رہا ہوگا؟

(۱۸) تم دن بھر کیوں شور کرتے رہے ہوگے؟ (۱۹) نسرین کاپیاں جمع کرتی رہی ہوگی۔
(۲۰) وہ صبح سے آم کھاتے رہے ہونگے۔ (۲۱) بچہ دن بھر دودھ پیتا رہا ہوگا؟
(۲۲) رئیسہ دن بھر گانا گاتی رہی ہوگی۔ (۲۳) شکاری سال بھر ہرن مارتا رہا ہوگا؟
(۲۴) ہم سال بھر وقت پر مدرسہ جاتے رہے ہونگے۔
(۲۵) وہ ان دنوں سفر کرتے رہے ہونگے۔
(۲۶) وہ سال بھر سینما دیکھتا رہا ہوگا۔

To knock	دستک دینا	Harvest	فصل
To grind	پیسنا	In time	وقت پر

LESSON NO. 12

Use of " There "

بعض جملوں میں There کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس وقت there کا استعمال Introductory ہوتا ہے۔ اس کے کوئی معنی نہیں ہوتے ہیں۔ مثلاً

(۱) اس گھر میں ایک کنواں ہے۔ There is a Well in this house
(۲) اس درخت پر بہت سے طوطے ہیں۔
(۳) ہماری جماعت میں ۳۰ طالب علم ہیں۔ (۴) ہفتہ میں سات دن ہوتے ہیں۔
(۵) اس کمرہ میں تین کھڑکیاں ہیں۔ (۶) سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔
(۷) اس کمرہ میں کوئی بھی نہیں ہے۔ (۸) ہر ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہوتی ہیں؟
(۹) ہر ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ (۱۰) آپ کے لئے یہاں کوئی جگہ نہیں ہے۔
(۱۱) پانچویں جماعت میں 35 لڑکے تھے۔ (۱۲) گذشتہ سال تمہاری جماعت میں کتنے لڑکے تھے۔
(۱۳) ممبئی میں کپاس کے کئی کارخانے ہیں۔ (۱۴) اسکی ایمانداری میں کچھ بھی شبہ نہیں ہے۔

(۱۵) کیا تمہارے گھر میں بہت سے چوہے ہیں۔(۱۶) کیا اس گھر میں کوئی آدمی نہیں تھا؟

(۱۷) یہاں ایک بھی دواخانہ نہیں ہے۔ (۱۸) محمود کے باغ میں ایک خوبصورت محل ہے۔

(۱۹) اس کتاب میں بہت سی خوبصورت تصویریں ہیں۔

(۲۰) قلعہ کے اطراف میں ایک خندق ہے۔(۲۱) ہماری جماعت میں 25 لڑکے نہیں تھے۔

(۲۲) ہمارے مدرسہ میں ۲۰ مدرسین ہیں۔ (۲۳) ہمارے مدرسہ میں دس کلاسیس ہیں۔

(۲۴) ہمارے مدرسہ میں دو میڈیم ہیں۔ (۲۵) اس جملہ میں میں بہت سی غلطیاں ہیں۔

(۲۶) سوراخ میں ایک سانپ تھا۔ (۲۷) دوات میں سیاہی نہیں ہے۔

(۲۸) تمہارے خاندان میں کتنے افراد ہیں۔(۲۹) گھڑے میں پانی نہیں تھا۔

(۳۰) تمہارے مدرسہ کو کتنے گیٹ تھے؟

A well	کنواں	Month	مہینہ
A week	ہفتہ	Hole	سوراخ
Parrot	طوطا	Pot or Pitcher	گھڑا
Year	سال	Family	خاندان

LESSON NO. 13

"It" as a Preparatory Subject

بعض جملوں میں 'It' کو Preparatory فاعل کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ان میں It کا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔مثلاً

(1) It was winter.	(۱) موسم سرما تھا۔
(2) It was 2 'O' clock.	(۲) دو بجے تھے۔
(3) It hails.	(۳) اولے پڑتے ہیں
(4) It is dark.	(۴) اندھیرا ہے۔
(5) It is cold.	(۵) سردی ہے۔
(6) It is hot.	(۶) گرمی ہے۔
(7) It is late.	(۷) دیر ہوگئی ہے۔
(8) It is morning.	(۸) دن نکل آیا ہے۔
(9) It is evening.	(۹) شام کا وقت ہے۔
(10) It is 1 O' clock.	(۱۰) ایک بجا ہے۔
(11) It is half past 6 O'clock.	(۱۱) ساڑھے چھ کا وقت ہے۔
(12) It is Quarter Past twelve.	(۱۲) سوا بارہ بجے ہیں۔
(13) It is a Quarter & Ten.	(۱۳) پونے دس بجے ہیں۔
(14) It is four minutes to five.	(۱۴) پانچ بجنے کو چار منٹ کم ہیں۔

ترجمہ کرو:۔

(۱) یہ کتاب ہے۔ (۲) آج بہت ٹھنڈی ہے۔

(۳) کل اولے پڑے۔ (۴) اپنے والدین کا حکم ماننا ہمارا فرض ہے۔

(۵) بہت ہی خوبصورت منظر تھا۔ (۶) صبح کی کرنیں اچھی ہیں۔
(۷) اب جاگنے کا وقت ہے۔ (۸) بارش ہو رہی ہے۔
(۹) اس دیوار پر سے کودنا آسان نہیں ہے۔(۱۰) چور کا پتہ لگانا مشکل
(۱۱) آج شام بارش ہوگی۔ (۱۲) نصیحت کرنا آسان ہے۔
(۱۳) اب پچھتانا بیوقوفی ہے۔ (۱۴) کمان مشکل ہے۔

Cold	ٹھنڈی	To respect	عزت کرنا
To jump over	کودنا	To repent	پچھتانا
To earn	کمانا	Duty	فرض
Sight	نظارہ	To find out	پتہ لگانا
Folly	بیوقوفی		

انگریزی میں ترجمہ کرو:۔ (Articles)

(۱) یہ چھتری ہے۔ (۲) وہ ایماندار آدمی ہے۔
(۳) یہ نارنگی ہے۔ (۴) گدھا دوڑ رہا ہے۔
(۵) وہ جانور ہے۔ (۶) چاند چمکتا ہے۔
(۷) کتا بھونکتا ہے۔ (۸) پرندے گاتے ہیں۔
(۹) پرندے اڑتے ہیں۔ (۱۰) طالب علم پڑھتے ہیں۔
(۱۱) میرے پاس دوات ہے۔ (۱۲) یہ میری کتاب ہے۔

Use of Numbers

۱) میں کاپیاں جمع کرتا ہوں۔ ۲) میں کاپیاں جمع کر رہا ہوں۔
۳) لڑکے پتھر پھینکتے ہیں۔ ۴) لڑکیاں کھلونے بناتی ہیں۔
۵) کیا بلیاں چوہے نہیں کھاتی ہیں؟ ۶) ہرن گھانس کھاتے ہیں۔
۷) وہ بھیڑیں خریدتا ہے۔ ۸) ممبئی میں کپاس کے بہت سے کارخانے ہیں۔
۹) عورتیں کات رہی ہیں۔ ۱۰) آدمی پھل بیچتا ہے۔
۱۱) گدھے چر رہے ہیں۔ ۱۲) درخت پر بندر ہیں۔

۱۳) کیا دودھ پینے والے بچے رو رہے ہیں؟ ۱۴) ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں۔
۱۵) بکریاں ہرے پتے کھاتی ہیں۔ ۱۶) پولس نے چور کو پکڑا۔

Use of Possessive Case

۱) یہ میری کتاب ہے۔ This is my book.
۲) یہ کتاب میری ہے۔ This book is of mine.
۳) میں میری کتاب پڑھتا ہوں۔ ۴) احمد اپنی کتاب پڑھتا ہے۔
۵) ام حبیبہ اپنی کتاب پڑھتی ہے۔ ۶) ہم اپنی کتاب پڑھتے ہیں۔
۷) انہوں نے اپنی کتابیں پڑھیں۔ ۸) احمد کا بھائی میرے کپڑے دھوتا ہے۔
۹) ہمارا مالی پودوں کو پانی دیتا ہے۔ ۱۰) ستار کرسی کا پاؤں درست کرتا ہے۔
۱۱) میرے گھر کی چھت ٹپکتی ہے۔ ۱۲) درخت کے پتے ہرے ہوتے ہیں۔

To mend or repair درست کرنا

LESSON NO. 14

صفت کا استعمال

صفت کسی اسم یا ضمیر کی تعریف کرتی ہے۔اس کا استعمال دوطرح ہوتا ہے۔

۱) Attributively جب فاعل کا جز ہوتی ہے۔مثلاً

A brave boy killed a tiger

۲) Predicatively جب Predicate کا جز ہوتی ہے مثلاً

The boy	was lazy
Sub.	Pre.

ترجمہ کرو:۔

۱) وہ بہادر لڑکا ہے۔ ۲) تمہارے گھر کی دیواریں اونچی ہیں۔
۳) ہم صاف پانی پیتے ہیں۔ ۴) تمہاری گلی تنگ ہے۔
۵) وہ لڑکی ذہین ہے۔ ۶) تم خوش قسمت ہو۔

۷)اس تالاب کا پانی غلیظ ہے۔ ۸)کوا ہوشیار پرندہ ہے۔

۹)تمہارا چھوٹا بھائی ہوشیار ہے۔ ۱۰)یہ کنواں گہرا ہے۔

صفت کے درجے

صفت کے درجے تین ہیں:

(1) Positive (2) Comparative (3) Superlative

ترجمہ کرو:۔

۱)احمد عبدالحسن سے اونچا ہے۔ ۲)یہ پھول اس پھول سے زیادہ خوبصورت ہے۔

۳)میری گھڑی تمہاری گھڑی سے زیادہ قیمتی ہے۔

۴)لوہا سونے سے زیادہ مفید ہے۔

۵)میری ٹوپی تمہاری ٹوپی سے زیادہ لال ہے۔

۶)احمد شہر میں سب سے دولت مند ہے۔

۷)یہ درخت تمام درختوں میں سب سے زیادہ ہرا ہے۔

۸)میں تمام لڑکوں سے زیادہ پڑھا ہوا ہوں۔

۹)وہ جماعت کے تمام لڑکوں میں سب سے خراب لڑکا ہے۔

۱۰)قلم تلوار سے زیادہ طاقتور ہے۔ ۱۱)ممبئی ہندوستان کی بہترین بندرگاہ ہے۔

۱۲)اکبر ہندوستان کا سب سے بڑا بادشاہ تھا۔

۱۳)لندن دنیا کا سب سے دولتمند ملک ہے۔

۱۴)آسٹریلیا دنیا کا سب سے چھوٹا جزیرہ ہے۔

۱۵)احمد جماعت کے مضبوط لڑکوں میں سے ایک ہے۔

Mightier	زیادہ طاقتور	Precious	قیمتی
Richest	سب سے زیادہ دولتمند	Harbour	بندرگاہ
Island	جزیرہ	Sword	تلوار

LESSON NO. 15

Participle, Gerund & Infinitive

(1) Participle

Participle کو verb + Adjective بھی کہتے ہیں۔ وہ فعل سے بنتا ہے اور صفت کا کام کرتا ہے۔

verb پر ing لگا کر Participle بنایا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) Write - Writing (2) Run - Running

Kinds قسمیں **:Participle** کی دو قسمیں ہیں۔

(1) Present Participle

(2) Past Participle

(I) Present Participle جاریہ زمانہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(II) Past Participle مکمل زمانوں میں استعمال ہوتا ہے۔

فعل کی تیسری صورت کے پہلے 'having' لگا کر Past Participle بنایا جاتا ہے۔ جیسے

(1) Having played. (2) Having drawn.

(3) Having heard. (4) Having seen.

ترجمہ کرو:

(۱) میں نے ان کو نیند میں دیکھا۔ — I saw them sleeping.

(۲) بچہ ہنستا ہوا پڑا تھا۔ — The baby lay smiling.

(۳) سوئے ہوئے بچہ کو نہ ستاؤ۔

(۴) تھکا ہوا مسافر درخت کے نیچے بیٹھا۔

(۵) ٹوٹی ہوئی کرسی کمرہ میں رکھدو۔

(۶) آواز سن کر بچہ جاگ گیا۔

(۷) اپنے کھلونے مل جانے پر بچہ خوش ہو گیا۔

(۸) تم ان کو باتیں کرتے ہوئے پاؤ گے۔

(۹) مجھے آتا دیکھ کر وہ بھاگ گیا۔

(۱۰) پولس کو آتا دیکھ کر چور بھاگ گیا۔

(۱۱) ڈوبتے ہوئے بچہ کو بچانے لوگ بھاگے۔

(۱۲) دروازہ بند دیکھ کر وہ لوٹ گیا۔

(۱۳) روتے ہوئے بچہ سے سب نفرت کرتے ہیں۔

(۱۴) ہنستے ہوئے بچہ کو سب پیار کرتے ہیں۔

(۱۵) میں اپنا کام ختم کر کے مدرسہ گیا۔

Disturb	ستانا	To hate	نفرت کرنا	Toy	کھلونا
To wake up	جاگنا	To return	لوٹ جانا	Drown	ڈوبنا
To love	پیار کرنا	To save	بچانا	Under	نیچے

(2) Gerund

Gerund : فعل کی وہ صورت جسکے آخر میں ing لگا ہوتا ہے اور جو فعل اور Noun کا کام کرتا ہے۔ اسکو Gerund کہتے ہیں۔ اس کو Verb+Noun=Verbal Noun کہتے ہیں۔ مثلاً

(1) Reading is good. (2) I like swimming.

(3) Infinitive

Infinitive کے پہلے To ہوتا ہے۔ وہ بھی فعل اور اسم کا کام کرتا ہے۔ اسلئے اسکو بھی Verb+Noun = Verbal Noun کہتے ہیں۔

Gerund اور Infinitive کے کام یکساں ہیں۔

[Bid,Make,Need,See,Hear]

ان افعال کے ساتھ To نہیں ہوتا ہے۔ مثلاً

(1) Teach him to swing.	(Infinitive)
(2) Teach him swimming.	(Gerund)
(3) To see is to believe.	(Infinitive)
(4) Seeing is believing.	(Gerund)
(5) Make him stand.	(Infinitive)

(1) We eat to live. (۱) ہم جینے کیلئے کھاتے ہیں۔

(2) Swimming is good for health. (۲) تیرنا صحت کیلئے مفید ہے۔

(۳) میں ممبئی جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ (۴) جوا کھیلنا خراب ہے۔

(۵) چوری کرنا گناہ ہے۔ (۶) میں آپ سے ملنے آؤنگا۔

(۷) راشد اپنا وقت گنوانا پسند نہیں کرتا ہے۔ (۸) تم کھیلنے کہاں جاتے ہو۔

(۹) صبح اٹھنا صحت کے لئے مفید ہے (۱۰) اس نے اپنی حفاظت کیلئے تلوار نکالا۔

۱۱) وہ کھانے کے لئے گیا ہے۔ ۱۲) احمد اپنے بیمار دوست سے ملنے دواخانہ گیا۔

To intend	ارادہ کرنا	Gambling	جوا کھیلنا
Stealing	چوری کرنا	To waste time	وقت گنوانا
Sin	گناہ	To defend himself	اپنی حفاظت کرنا

حکمیہ جملے Imparative Mood

(I) Imparative Mood خاص طور پر حاضر یا مخاطب یعنی Second Person کیلئے استعمال کی جاتی ہے۔

(II) اسی قسم کا مطلب متکلم اور غائب چیزوں کیلئے ظاہر کرنے 'Let' کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) Let me go.	(2) Let us go.
(2) Let him go.	(4) Let them go.

نوٹ: Let he go. غلط ہے۔ جبکہ Let him go صحیح ہے۔

(III) درخواست یا التجا کے اظہار کیلئے Please کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

Please, give me your book.

نوٹ: حکمیہ جملہ عام طور پر زمانہ حال ہی میں ہوتے ہیں۔ زمانہ ماضی اور مستقبل میں نہیں ہوتے۔

ترجمہ کرو:

(۱) اپنے والدین کا حکم مانو۔ (۲) جھوٹ مت بولو۔

(۳) میرے لئے کچھ کھانا لاؤ۔ (۴) دھوپ میں مت کھیلو۔

(۵) قدیم دوستوں کو مت بھولو۔ (۶) یہ روپیہ بچوں میں تقسیم کردو۔

(۷) غریبوں کی مدد کرو۔ (۸) کمزوروں کی بے عزتی مت کرو۔

(۹) آؤ تفریح کو جائیں۔ (۱۰) بچہ کو سونے دیجئے۔

(۱۱) ان کو اپنا کام کرنے دو۔ (۱۲) مجھے اپنی نئی کتابیں دیکھنے دو۔

(۱۳) مجھے پڑھنے دو۔ (۱۴) چلو میلا دیکھنے جائیں۔

(۱۵) مہربانی کرکے میری مدد کیجئے۔ (۱۶) مہربانی کرکے مجھے آپ کا قلم دیجئے۔

(۱۷) ان کو کمرہ کے باہر نہ جانے دیجئے۔

Parents	والدین	To obey	حکم ماننا
To forget	بھولنا	To divide	تقسیم کرنا
To insult	بے عزتی کرنا	The weak	کمزور
A fair	میلا۔ جاترا	The poor	غریب

Reflexive Pronouns

واحد اور جمع ضمیروں پر selfاور selves لگا کر Reflexive ضمیریں بنائی جاتی ہیں۔ اس میں کام کرنے والا اور کام کا اثر قبول کرنے والا ایک ہی شخص ہوتا ہے۔ مثلاً

My :	my self	our selves
	thy self	
	himself	your selves
	her self	them selves
	It self	

ترجمہ کرو:

(۱) وہ خود کی تعریف کرتا ہے۔ (۲) ہم خود وہاں جائینگے۔

(۳) یہ تصویر خود سیتا نے کھینچی ہے۔ (۴) ہم نے خود کو دھوکہ دیا۔

(۵) اس نے خود کے گھر کی چھت گرادی۔ (۶) اس نے خود گناہ قبول کیا۔

(۷) موہن نے خود زہر کھالیا۔ (۸) مانیٹر خود شور کررہا تھا۔

(۹) مہارانی نے خود زخمی سپاہیوں کو پھل تقسیم کئے۔

(۱۰) کریم نے خود یہ قلم مجھ کو دیا۔

To praise	تعریف کرنا	Roof	چھت
To confess	قبول کرنا	To take Poison.	زہر کھالینا
To deceive	دھوکہ دینا	Guilt	گناہ
Wounded	زخمی ہونا	Distribute	تقسیم کرنا

LESSON NO. 16

An Adverb صلہ فعل

صلہ فعل کسی فعل، کسی دوسرے صلہ فعل یا صفت کی تعریف کرتا ہے۔

(1) Sajid runs slowly.

(2) Sajid runs very slowly.

(3) Sajid is a very good boy.

Position of the Adverb.

(۱)اگر Adverb فعل لازم Intransitive verb کی تعریف کرتا ہے تو وہ اسکے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔مثلاً

(1) He reads slowly. (2) She wept bitterly.

(3) He died peacefully.

(2) اگر جملہ میں فعل متعدی Transitive Verb ہو اور اس کے ساتھ مفعول استعمال میں آیا ہو تو صلہ فعل Adverb مفعول کے بعد استعمال میں آتا ہے۔

(1) He reads the book slowly.

(2) I read the letter quickly.

(3) Always, ever,often, seldom, never, frequently یہ صلہ فعل عام طور پر اس فعل کے پہلے لائے جاتے ہیں۔جس کو وہ modify کرتے ہیں۔مثلاً

(1) He always speaks the truth.

(2) He seldom makes a mistake.

(4) یہ صلہ فعل verb to be کے بعد استعمال کئے جاتے ہیں۔مثلاً

(1) He is always cheerful.

(2) She is often late.

(5) اگر فعل مددگار فعل اور اصلی فعل ہو اور صلہ فعل، فعل کی تعریف کرتا ہو تو صلہ فعل فعل معاون اور اصلی فعل کے درمیان استعمال کیا جاتا ہے۔مثلاً

(1) He is greatly esteemed.

(2) I have often told him to write neatly.

(6) اگر صلہ فعل کسی صفت یا دوسرے صلہ فعل کی تعریف کرتا ہو تو صلہ فعل اسکے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔مثلاً

(1) Imran is a very lazy boy.

(2) Do not speak so fast.

(3) The Bul Bul sings very sweetly.

انگریزی میں ترجمہ کرو:

(۱) تم ہمیشہ دیر سے آتے ہو۔ (۲) اس کا گھوڑا تیز دوڑتا ہے۔

(۳) احمد ہمیشہ وہاں جاتا ہے۔ (۴) ہم نے کھانا بہت آہستہ کھایا۔

(۵) میں نے ایک وقت اس کو خط لکھا تھا۔ (۶) خدا یقیناً ہماری مدد کریگا۔

(۷) دشمن بہادری سے لڑا۔ (۸) احمد کبھی بھی یہاں نہیں آتا ہے۔

(۹) انہوں نے اپنے شہر کی حفاظت بہت بہادری سے کی۔

(۱۰) ہم نے اسکی تقریر بہت غور سے سنی۔ (۱۱) وہ روزآنہ مدرسہ جاتا ہے۔

(۱۳) انور نے وہ کام بہت آسانی سے کرلیا۔

(۱۴) سراج روزآنہ ورزش کرتا ہے۔

(۱۵) ھماء آسانی سے درخت پر چڑھ گئی۔

Formation of Adverbs

(1) بعض صلہ فعل صفت پر ly بڑھا کر بناتے ہیں۔

(1) Clever Cleverly. (2) Kind kindly

(3) Quick Quickly (4) Wise Wisely

(2) اگر صفت کے آخر میں y ہو اور اس کے پہلے Consonant ہو تو Y کو 'i' سے بدلکر ly لگاتے ہیں۔

(1) Happy : Happily (2) Ready : Readily

(3) Heavy : Heavily. (4) (2) Due - Duly

(3) یہ خود صلہ فعل ہیں۔مثلاً soon, after, very.

Comparison of Adverb

صفت کی طرح صلہ فعل کے بھی مقابلہ کے تین درجے ہیں۔

(1) Positive, (2) Comparative (3) Superlative

(1) Positive پر er اور est لگا کر Comparative اور Superlative بناتے ہیں۔

Soon	Sooner	Soonest
Hard	Harder	Hardest
Fast	Faster	Fastest
Long	Longer	Longest

(2) اگر صلہ فعل کے آخر میں ly ہوتو more اور most لگا کر Comparative اور Superlative بناتے ہیں۔

Wisely	More wisely	Most wisely
Swiftly	More swiftly	Most swiftly

